کوئٹہ بلوچستان اور راولاکوٹ آزادکشمیر سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا قومی اخبار

Daily FARZAND-E-KASHMIR Quetta
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ فرزندِ کشمیر
کوئٹہ
راولاکوٹ
بانی: محمد شوکت

Web:- www.farzand-e-kashmir.pk

جلد18 | جمعرات 06 اگست 2026ء | 22 سفر 1448ھ | قیمت 5روپے | شمارہ نمبر445

جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کا انحصار مسئلہ جموں وکشمیر کے منصفانہ اور پرامن حل پر ہے، آئی ایس پی آر

مسلح افواج نے بھارت کے زیرِ قبضہ جموں وکشمیر کے عوام کے ساتھ اپنی غیر متزلزل یکجہتی کو دہرایا، آئی ایس پی آر

پاکستانی عوام، مسلح افواج بھارتی غیر قانونی زیرِ قبضہ جموں وکشمیر کے شہداء کو بھرپور خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں، فیلڈ مارشل

اسلام آباد (این این آئی) فیلڈ مارشل عاصم منیر، پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو اور پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف نے یوم استحصال پر مقبوضہ کشمیر کے عوام سے یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ مسلح افواج نے بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر کے عوام کے ساتھ اپنی غیر متزلزل یکجہتی کو دہرایا اور کشمیریوں کی ناقابلِ تسیخ حق خودارادیت کے حصول کی جائز جدوجہد کے لیے غیر متزلزل حمایت کا عزم ظاہر کیا۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ مقبوضہ جموں وکشمیر پر بھارتی سیکیورٹی فورسز کا مسلسل غیر قانونی قبضہ، بھارتی فوجی محاصرہ، انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں اور آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی کوششیں شدید تشویش کا باعث ہیں۔ آئی ایس پی آر کے (بقیہ 2صفحہ 3پر)

وزیراعظم کا کشمیری عوام کی اپنے حق خودارادیت کیلئے جائز جدوجہد کے لیے غیر متزلزل حمایت کا اعادہ

بھارت غیر قانونی اقدامات واپس لے، انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں بند کرے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کشمیری عوام کی اپنے حق خودارادیت کیلئے جائز جدوجہد کے لیے غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت اپنے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں وکشمیر میں طویل عرصے سے اپنے غیر قانونی قبضے اور سخت گیر قوانین کے ذریعے آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ یوم استحصال (بقیہ 3 2صفحہ 3پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے کشمیر آل پارٹیز حریف کانفرنس کے رہنماء حسن بناء ملاقات کررہے ہیں

پاکستان اور بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بہن بھائیوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے، سرفراز بگٹی

5اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے آرٹیکل 370 اور 35 اے کی منسوخی ایک غیر قانونی، یکطرفہ اور بین الاقوامی قوانین کے منافی اقدام تھا، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ وہ اپنی جانب سے اور اہلِ بلوچستان کی طرف سے مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 5اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے آرٹیکل 370 اور 35 اے کی منسوخی ایک غیر قانونی، یکطرفہ اور بین الاقوامی قوانین کے منافی اقدام تھا، جس کا مقصد کشمیری عوام کی شناخت، حقوق اور تاریخی حیثیت کو متاثر کرنا تھا وزیراعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے مقبوضہ کشمیر کے عوام ظلم، (بقیہ 7صفحہ 3پر)

بلوچستان بھر کے میئرز، ڈسٹرکٹ کونسلز اور میونسپل کمیٹیوں کے چیئرمینوں کا ترقیاتی اور نان سیکری فنڈز کی عدم فراہمی پر شدید تشویش کا اظہار

وزیراعلیٰ بلوچستان مالی مشکلات کے مستقل اور مؤثر حل کے لیے عملی اقدامات کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بھر کے میونسپل کارپوریشنز کے میئرز، ڈسٹرکٹ کونسلز اور میونسپل کمیٹیوں کے چیئرمینوں نے سالانہ ترقیاتی اور نان سیکری فنڈز کی عدم فراہمی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے فنڈز کی فوری ریلیز کا مطالبہ کیا ہے بلدیاتی نمائندوں کے وفد نے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بلوچستان عبدالروف بلوچ اور ایڈیشنل (بقیہ 3صفحہ 3پر)

حکومت بلوچستان صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں اور متوازن ترقی کے وژن پر عمل پیرا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان و چیف آف بگٹی میر سرفراز بگٹی (بقیہ 4صفحہ 3پر)

کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے جس سے کسی بھی صورت دستبردار نہیں ہونگے، چوہدری نعیم کریم

5اگست 2019ء کو یوم سیاہ کے طور پر یاد رکھا جائے گا، پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن

کوئٹہ (این این آئی) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے جس سے کسی بھی صورت دستبردار نہیں ہونگے اور کشمیری عوام پر بھارتی فوج کی جانب سے ڈھائے جانے والے مظالم کے خلاف ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے، 5اگست 2019ء کو یوم سیاہ کے طور پر (بقیہ 5صفحہ 3پر)

کشمیری عوام کی ہمت، ثابت قدمی اور انصاف کیلئے غیر متزلزل عزم ہمارے لیے مشعل راہ ہے، رانا ثناءاللہ

پاکستان کشمیر کی حیثیت، آبادی کے تناسب یا سیاسی شناخت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرنے کی ہر کوشش کو مسترد کرتا ہے، رانا ثناءاللہ

اسلام آباد (این این آئی) یوم استحصال کشمیر کے موقع پر وزیراعظم کے مشیر برائے بین الصوبائی رابطہ سینیٹر رانا ثناءاللہ نے اپنے جاری کردہ پیغام میں کہا ہے کہ 5اگست ہمیں بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں وکشمیر کے عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم کی یاد دلاتا ہے۔ 5اگست 2019 کو بھارت نے اپنے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت کو منسوخ کر دیا تھا۔ سینیٹر رانا ثناءاللہ نے کہا کہ بھارت کا یہ غاصبانہ عمل کشمیری عوام کے حق خود ارادیت پر ایک براہ راست حملہ تھا، پاکستان جموں وکشمیر کی حیثیت، آبادی کے تناسب یا سیاسی شناخت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرنے کی ہر کوشش کو مسترد کرتا ہے۔ رانا ثناءاللہ نے کہا کہ 5اگست 2019 کے بعد بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط (بقیہ 4 3صفحہ 3پر)

دکی، اسٹنٹ کمشنر شکل چوٹھالی عبدالسلام شاہوانی یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے ریلی کی قیادت کررہے ہیں

5 اگست 2019 کا دن تاریخ کا سیاہ باب ہے، ڈاکٹر رفیع اللہ

جب بھارت نے غیر قانونی طور پر مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرکے کشمیری عوام کے بنیادی حقوق پامال کیے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ق) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و کوارڈی نیٹر بلوچستان اور سینئر پاکستانیز ڈاکٹر رفیع اللہ کی قیادت میں یوم استحصال کشمیر کے موقع پر چمن میں ایک ریلی نکالی گئی ریلی میں ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلوئی، ڈی پی او انتظار ظریف، نظر جان، ملک حمید، پرنسپل ڈگری کالج عجب خان مندوخیل، چیئرمین عبدالغنی اور قبائلی عمائدین (بقیہ 2صفحہ 3پر)

جموں وکشمیر کے تنازعہ کا منصفانہ اور پرامن حل پاکستان کی پالیسی کا بنیادی ستون ہے، شزا فاطمہ خواجہ

تنازعہ کشمیر جنوبی ایشیا میں امن واستحکام کے لیے سب سے بنیادی اور دیرینہ حل طلب مسئلہ ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں وکشمیر میں عوام کی حقیقی سیاسی قیادت کو مسلسل دبانا، شہری آزادیوں پر قدغنیں عائد کرنا اور آزاد ذرائع ابلاغ و ڈیجیٹل مواصلات پر پابندیاں برقرار رکھنا شدید تشویش کا باعث ہے، تنازعہ کشمیر جنوبی ایشیا میں امن واستحکام کے لیے سب سے بنیادی اور دیرینہ حل طلب مسئلہ ہے۔ بدھ کو یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ آج حکومتِ پاکستان اور پوری پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ بھرپور انداز میں غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔ ہم اس دن کو اس عزم کے ساتھ مناتے ہیں کہ دنیا کو بھارت کے 5اگست 2019 کے ان غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کی سنگینی کی یاد دہانی کرائی جائے جن کے ذریعے اس نے غیر قانونی طور پر بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر (بقیہ 4 1صفحہ 3پر)

پاکستان میں الیکٹرک گاڑیوں کا فروغ، رواں سال کی پہلی ششماہی میں درآمدات میں 10 گنا سے زائد کا اضافہ

2026 کی پہلی ششماہی کے دوران چین سے درآمد کی جانے والی بلیک ان بائیڈ اور الیکٹرک گاڑیوں کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ ریکارڈ

بیجنگ (این این آئی) پاکستان میں الیکٹرک گاڑیوں کے استعمال کا رجحان تیزی سے فروغ پا رہا ہے، جہاں چینی ٹیکنالوجی کے تعاون سے ملک کا آٹو موبائل شعبہ نئی توانائی کی جانب بڑھ رہا ہے۔ کسٹمز کے اعداد وشمار کے مطابق 2026 کی پہلی ششماہی کے دوران چین سے درآمد کی جانے والی بلیک ان بائیڈ اور الیکٹرک گاڑیوں کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق چین کی جنرل ایڈمنسٹریشن آف کسٹمز کے مرتب کردہ تجارتی اعداد وشمار سے معلوم ہوا ہے کہ جنوری سے جون 2026 تک پاکستان نے 1.0 سے 1(بقیہ 21صفحہ 3پر)

بجلی کی ترسیلی کمپنیز کی نجکاری میں عالمی معیار کے سرمایہ کاروں کی شمولیت یقینی بنانے کیلئے موثر اور جامع حکمت عملی اختیار کی جائے

نجکاری عمل میں صارفین کے مفاد کو ترجیح دی جائے

شہباز شریف

نجکاری کے مراحل میں بہترین پیشہ ورانہ استعداد کے حامل کنسلٹنٹ کی تجاویز کو یقینی بنایا جائے، وزیراعظم

نجکاری کے عمل میں سرمایہ کاروں کی شمولیت کے لیے اندرون وبیرون ملک کیے جانے والے کامیاب روڈ شوز باعث اطمینان ہیں، ڈسکوز کی نجکاری کے تمام مراحل مقررہ مدت میں طے شدہ قواعد اور بہترین حکمت عملی کے مطابق منافع بخش انداز میں مکمل کیے جائیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ نجکاری کے مراحل میں بہترین پیشہ ورانہ استعداد کے حامل کنسلٹنٹ کی تجاویز کو یقینی بنایا جائے، بجلی کی ترسیلی کمپنیز کی نجکاری میں عالمی معیار کے سرمایہ کاروں کی شمولیت یقینی بنانے کیلئے موثر اور جامع حکمت عملی اختیار کی جائے، نجکاری کے عمل میں سرمایہ کاروں کی شمولیت کے لیے اندرون و بیرون ملک کیے جانے والے کامیاب روڈ شوز باعث اطمینان ہیں، ڈسکوز کی نجکاری کے تمام مراحل مقررہ مدت میں طے شدہ قواعد اور بہترین حکمت عملی کے مطابق منافع بخش انداز میں مکمل کیے جائیں۔ بدھ کو وزیراعظم کی زیر صدارت بجلی کی تقسیم کار کمپنیز کی نجکاری اور نجکاری کمیشن کی ادارہ جاتی سٹیئرنگ کمیٹی کی پیش رفت پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں نجکاری کمیشن کی جانب سے ترسیلی کمپنیز کے پہلے مرحلے کی تکمیل کے لیے اب تک کہ کیے گئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ مزید براں، نجکاری کمیشن کی ادارہ جاتی سٹیئرنگ کمیٹی نے نوکے تناظر میں بہترین افرادی قوت کی شمولیت پر پیش رفت پر بھی (بقیہ 1صفحہ 3پر)

اسلام آباد، گورنر سندھ نہال ہاشمی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کررہے ہیں

پاکستان جموں وکشمیر کے عوام کے حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے منصفانہ جدوجہد کی حمایت جاری رکھے گا، دفتر خارجہ

ہم بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں وکشمیر کے عوام کی جرات، ثابت قدمی اور غیر متزلزل عزم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے بھارت کے 5اگست 2019 کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کے سات برس مکمل ہونے کے موقع پر کہا ہے کہ ان اقدامات کا مقصد بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں وکشمیر کی بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ متنازعہ حیثیت کو تبدیل کرنا تھا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پاکستان نے یوم استحصال کے موقع پر اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ جموں وکشمیر کے عوام کے حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے ان کی منصفانہ جدوجہد کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا۔ بیان میں کہا گیا کہ ہم بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں وکشمیر کے عوام کی جرات، ثابت قدمی اور غیر متزلزل عزم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان، جموں وکشمیر کے عوام کی حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے جاری منصفانہ جدوجہد کی غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا جیسا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں میں اس حق کی ضمانت دی گئی ہے۔

پانچ اگست 2019 کے بعد کے بھارتی اقدامات بدستور گہری تشویش کا باعث ہیں، اسحٰق ڈار

5اگست 2019 کے اقدامات اور ان کے بعد کیے جانے والے اقدامات بدستور گہری تشویش کا باعث ہیں، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ بھارت نے 5اگست 2019 کو اپنے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر میں یکطرفہ اور غیر قانونی اقدامات کا ایک سلسلہ اختیار کیا، ان اقدامات کا مقصد اس خطے کی بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ متنازع حیثیت کو تبدیل کرنا اور کشمیری عوام کے حقوق اور امنگوں کو مجروح کرنا تھا، 5اگست 2019 کے اقدامات اور ان کے بعد کیے جانے والے اقدامات بدستور گہری تشویش کا باعث ہیں۔ بدھ کو یوم استحصال کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ یہ اقدامات جموں کشمیر کے تنازعہ سے متعلق قائم شدہ بین الاقوامی قوانین اور فریم ورک کی خلاف ورزی ہیں اور ان کے نتیجے میں خطے کے عوام کو درپیش مشکلات میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج پاکستان کے عوام یوم استحصال منا رہے ہیں تاکہ بھارت کے غیر قانونی طور (بقیہ 8 3صفحہ 3پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر بلوچستان اسمبلی میں مشترکہ مذمتی قرارداد پیش

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر بلوچستان صوبائی اسمبلی میں مقبوضہ جموں وکشمیر کی صورتحال اور بھارت کے 5 اگست 2019 کے یکطرفہ اقدامات کے خلاف (بقیہ 13صفحہ 3پر)

بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن نے صوبے بھر کے سرکاری وغیر سرکاری اداروں میں میڈیا نمائندوں کے غیر مجاز داخلے پر پابندی کا سرکلر جاری کردیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق بعض میڈیا نمائندے آپریشن (بقیہ 16صفحہ 3پر)

پاکستان کی ایران کو برآمدات میں حالیہ عرصے میں تاریخی اضافہ ہوا ہے، قصیر احمد شیخ

وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کی ایرانی کاروباری وفد سے ملاقات، دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے ایرانی سفارتخانے کے حکام کے ہمراہ آئے ایک اعلیٰ سطحی ایرانی کاروباری وفد سے تفصیلی ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور ایران کے درمیان دوطرفہ تجارت، مشترکہ سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے فروغ کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایرانی وفد میں ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف ایران کے چیئرمین محمد رضا چفرالہی، شاہروز شریعت جنگہ کرمان اور تہران چیمبرز آف کامرس کے اراکین شامل تھے۔ اس موقع پر بورڈ آف انویسٹمنٹ کے سینئر افسران، بشمول ڈائریکٹر جنرل محمود طفیل، بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ایران برادر اسلامی ممالک ہیں جن کے درمیان (بقیہ 9 3صفحہ 3پر)

5 اگست جنوبی ایشیا کی تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے، آفتاب احمد لاسی

جب بھارت نے مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کی، اسسٹنٹ کمشنر اوتھل

اوتھل (این این آئی) 5اگست یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر اوتھل آفتاب احمد لاسی کی قیادت میں لسبیلہ کے ہیڈکوارٹر اوتھل میں ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف سرکاری افسران، بلدیاتی نمائندوں، سماجی شخصیات اور طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر اوتھل آفتاب احمد لاسی اور چیئرمین (بقیہ 19صفحہ 3پر)

وزیرِ خزانہ سے امریکی تجارتی نمائندے کی ورچوئل ملاقات، باہمی تجارتی واقتصادی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق

امریکا کے ساتھ تجارت اور سرمایہ کاری پر مبنی مضبوط شراکت داری پاکستان کی برآمدات پر مبنی معاشی حکمتِ عملی کو تقویت دے گی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے امریکا کے تجارتی نمائندے (یو ایس ٹریڈ) سفیر جیمیسن گریئر نے ورچوئل ملاقات کی جس میں پاکستان (بقیہ 20صفحہ 3پر)

پاکستان کشمیری عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گا، ڈاکٹر مصدق ملک

پاکستان ہر سطح پر کشمیری عوام کی سفارتی، سیاسی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا، وفاقی وزیر کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی سینیٹر ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ 5اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے جموں وکشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرنے کا اقدام غیر قانونی، یکطرفہ اور ناقابلِ قبول تھا جو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔ بدھ کو یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی حمایت پاکستان کی قومی پالیسی کا لازمی حصہ ہے اور پاکستان ہر سطح پر کشمیری عوام کی سفارتی، سیاسی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کشمیری عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گا اور ان کے جائز حقوق (بقیہ 40صفحہ 3پر)

کوئٹہ، رکن صوبائی صوبائی حاجی میر زابد علی ریکی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں

ریڈزون کی جانب جانے والی شاہراہوں کی بندش سے کوئٹہ میں ٹریفک کا نظام مفلوج، شدید گرمی میں شہریوں کو مشکلات کا سامنا

کوئٹہ (این این آئی) سکیورٹی ہائی الرٹ کے باعث ریڈزون جانے والے تمام راستوں کو ٹرکوں اور کنٹینرز لگا کر بند کر دیا گیا، جبکہ انسکمب روڈ ریڈ زون، سبزل روڈ اور بروری روڈ کو ملانے والی سڑک، جہاں جامعہ بلوچستان کا سب کیمپس واقع ہے، بھی مکمل طور پر بند رہی۔

بلوچستان کے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو انسپکٹنگ اتھارٹیز مقرر کردیا گیا، عبدالسلام اچکزئی

کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز اپنے متعلقہ اضلاع کی جیلوں اور دیگر حراستی مراکز کے باقاعدہ اور اچانک معائنے کریں گے، اسپیشل سیکرٹری داخلہ

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے بلوچستان پریزنز اینڈ پریزنرز کریکشنل سروس ایکٹ، 2026 کے تحت صوبے کے جیل نظام کو مزید مؤثر، شفاف، جوابدہ اور انسانی حقوق کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے اہم اختیارات ضلعی اور ڈویژنل انتظامیہ کو تفویض کر دیے ہیں۔ اس سلسلے میں چیف انسپکٹر آف پریزنز و اسپیشل سیکرٹری داخلہ (بقیہ 22صفحہ 3پر)

پاکستان اور امریکا کا دہشتگردی کیخلاف تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

پاکستان امریکا انسدادِ دہشت گردی مذاکرات کا چوتھا دور، داعش خراسان، القاعدہ، ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کے خلاف مشترکہ عزم کا اعادہ

اسلام آباد/واشنگٹن (این این آئی) واشنگٹن میں پاکستان اور امریکا کے درمیان انسدادِ دہشت گردی مذاکرات کا چوتھا دور ہوا جس میں دونوں ممالک نے دہشت گردی کے خلاف تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور امریکا نے داعش خراسان، القاعدہ، ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کے خلاف مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔ دونوں ممالک (بقیہ 7صفحہ 3پر)

مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل طلب ایک بین الاقوامی تنازع ہے، میر سرفراز بگٹی

جس کا منصفانہ اور پائیدار حل کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق، یعنی حقِ خودارادیت فراہم کیے بغیر ممکن نہیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے کشمیر آل پارٹیز حریت کانفرنس کے رہنما حسن بنا نے یہاں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران مقبوضہ جموں وکشمیر کی تازہ صورتحال، کشمیری عوام کی جدوجہد حق خودارادیت اور خطے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر حسن بنا نے کشمیری عوام کے ساتھ اظہارِ یکجہتی اور مسئلہ کشمیر کو ہر سطح (بقیہ 9صفحہ 3پر)

کوئی طاقت کشمیری عوام کی شناخت اور حقِ خودارادیت ختم نہیں کرسکتی، مشعال ملک

بھارتی جیلوں میں حریت قیادت کے ساتھ ہونے والے مظالم تاریخ کا سیاہ باب ہیں

اسلام آباد (این این آئی) مشعال ملک نے یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر کہا ہے کہ 5 اگست کشمیریوں کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، تاہم کوئی طاقت کشمیری عوام کی (بقیہ 10صفحہ 3پر)

کشمیر کا ہر دکھ پاکستان کا دکھ، پوری قوم کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑی ہے، مصطفیٰ کمال

مقبوضہ جموں وکشمیر میں بنیادی انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیاں انتہائی تشویشناک ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے صحت مصطفیٰ کمال نے (بقیہ 17صفحہ 3پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وائس چانسلر بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز ڈاکٹر شبیر لہڑی ملاقات کررہے ہیں

پاکستان ہر سفارتی، سیاسی اور بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کی آواز بلند کرتا رہے گا، وجیہہ قمر

پاکستان ہر سفارتی، سیاسی اور بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کی آواز بلند کرتا رہے گا، وزیر مملکت برائے تعلیم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت وجیہہ قمر نے کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ 5اگست 2019 کا بھارت کا یکطرفہ اور غیر قانونی اقدام بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کے بنیادی حقِ خودارادیت کی صریحاً خلاف (بقیہ 18صفحہ 3پر)

خلق جھالاوان انجیرہ کا ماسٹر عنایت اللہ جتک کے قتل کی مذمت اور قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ

واقعے کو خلق جھالاوان (انجیرہ) سے جوڑنے کی تمام کوششیں بے بنیاد ہیں اور ان میں کوئی صداقت نہیں، ترجمان

خضدار (این این آئی) ترجمان خلق جھالاوان (انجیرہ) نے ماسٹر عنایت اللہ کے قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس واقعے کو خلق جھالاوان (انجیرہ) سے جوڑنے کی تمام کوششیں بے بنیاد ہیں اور ان میں کوئی صداقت نہیں جاری کردہ بیان میں ترجمان خلق جھالاوان (انجیرہ) نے کہا کہ اسمہ جتک کے اغوا اور ماسٹر عنایت اللہ کے قتل، دونوں واقعات سے خلق جھالاوان (انجیرہ) کا کوئی تعلق نہیں۔ ترجمان نے کہا کہ جتک قبیلے سمیت بلوچستان کے تمام قبائل خلق جھالاوان (انجیرہ) کے لیے قابل احترام ہیں اور چیف آف جھالاوان نواب ثنا اللہ خان زہری، نوابزادہ میر نعمت اللہ خان زہری، نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری اور دیگر ذمہ داران نے ہمیشہ علاقے میں امن، بھائی چارے اور ہم آہنگی کے فروغ کے لیے کردار ادا کیا ہے ترجمان نے کہا کہ اغوا کے واقعے کے بعد نواب ثناء اللہ خان زہری نے متاثرہ خاندان سے واقعے پر افسوس اور اظہارِ یکجہتی کرتے ہوئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی تھی۔

کشمیر محض ایک سیاسی یا جغرافیائی تنازع نہیں، پاکستان کی روح، غیرت اور شاہ رگ ہے، احسن اقبال

پاکستان ہر سفارتی، سیاسی اور بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کے بنیادی حقوق، انصاف اور حقِ خودارادیت کی بھرپور وکالت جاری رکھے گا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ کشمیر محض ایک سیاسی یا جغرافیائی تنازع نہیں بلکہ پاکستان کی روح، غیرت اور شاہ رگ ہے۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ پانچ اگست کا دن کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت پر قدغن اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی کی علامت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ انہوں نے ہمیشہ کشمیری بہن بھائیوں کے دکھ، قربانیوں اور استقامت کو انتہائی قریب سے محسوس کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر محض ایک سیاسی یا جغرافیائی تنازع نہیں بلکہ پاکستان کی روح، غیرت اور شاہ رگ ہے۔ پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں وکشمیر کی ماں کا صبر، (بقیہ 42صفحہ 3پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں

ڈیرہ بگٹی میں یوم استحصال کشمیر کے موقع پر تقریب کا انعقاد

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور ڈپٹی کمشنر نارتھ ڈیرہ بگٹی ریاض خان داؤڑ کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر محمد جان بگٹی کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے ڈپٹی ڈی او (میل) سب ڈویژن پیرکوہ شاہ نواز بگٹی کی سربراہی میں 5 اگست "یوم استحصالِ کشمیر" کے موقع پر ہائیر سیکنڈری سکول پیرکوہ میں ایک باوقار تقریب اور ریلی کا انعقاد کیا گیا۔

5 اگست 2019 کے بعد کے بھارتی اقدامات بدستور گہری تشویش کا باعث ہیں، اسحٰق ڈار

5اگست 2019 کے اقدامات اور ان کے بعد کیے جانے والے اقدامات بدستور گہری تشویش کا باعث ہیں، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ بھارت نے 5اگست 2019 کو اپنے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر میں یکطرفہ اور غیر قانونی اقدامات کا ایک سلسلہ اختیار کیا، ان اقدامات کا مقصد اس خطے کی بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ متنازع حیثیت کو تبدیل کرنا اور کشمیری عوام کے حقوق اور امنگوں کو مجروح کرنا تھا، 5اگست 2019 کے اقدامات اور ان کے بعد کیے جانے والے اقدامات بدستور گہری تشویش کا باعث ہیں۔ بدھ کو یوم استحصال کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ یہ اقدامات جموں کشمیر کے (بقیہ 3صفحہ 3پر)

پاکستان کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا، میجر (ر) الیاس کبزئی

کشمیریوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت سے کبھی دستبردار نہیں ہوگا، ڈپٹی کمشنر سیوی

سیوی (این این آئی) ضلع سیوی میں یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ڈپٹی کمشنر سیوی کی قیادت میں "" اظہار یکجہتی

کوئٹہ اور آزاد کشمیر سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
Daily FARZAND-E-KASHMIR
روزنامہ فرزندِ کشمیر
چیف ایڈیٹر: محمد شوکت
چیف ایڈیٹر و پبلشر: محمد شوکت نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ فرزند کشمیر کوئٹہ آفس نمبر 1 سیکنڈ فلور یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
(موبائل نمبر 0300-3843995) فون نمبر:۔ 0812869391
فیکس نمبر:۔ 0512204192, 0812869207,
نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر منگ روڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر سے شائع کیا۔

یومِ استحصالِ کشمیر اور بین الاقوامی برادری کی بے حسی

5 اگست کا دن کشمیری عوام پر بھارت کے غیر قانونی تسلط کے حوالے سے ایک اہم دن ہے۔ آج سے سات برس قبل 2019ء میں اسی دن بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی حکومت نے بھارتی آئین کی دفعات 370 اور 35 اے کو منسوخ کر کے جموں و کشمیر اور لداخ کے علاقوں کو بھارت میں ضم کرنے کی مذموم کوشش کی۔ اس حرکت کے ذریعے ایک طرف مقبوضہ علاقوں کو ہڑپنے کا منصوبہ بنایا گیا تو دوسری جانب ان علاقوں میں موجود مسلم آبادی کے عدم تحفظ کے احساس کو مزید گہرا کرنے کی گھناؤنی سازش کی گئی۔ مودی سرکار نے اپنی اس حرکت کی مخالفت میں اٹھنے والی کشمیری حریت پسندوں کی آوازوں کو دبانے کے لیے مقبوضہ علاقوں میں کرفیو نافذ کر دیا جس کے نفاذ کو آج 2557 دن مکمل ہو گئے ہیں۔ اس دوران مقبوضہ کشمیر میں پچاس لاکھ ہندوؤں کو کشمیری ڈومیسائل دے دیا گیا ہے جس کا مقصد کشمیر کی مسلم اکثریتی آبادی کو اقلیت میں تبدیل کرنا ہے۔ اس سلسلے میں بھارتی مردم شماری کمیشن نے ہندو اکثریت والے کشمیری علاقے کی نشستیں 83 سے بڑھا کر 90 کر دی ہیں اور ہندو اکثریت پر مشتمل ایک نیا ڈویژن بنانے کا بھی فیصلہ کر لیا ہے جس میں کشتوار، اننت ناگ اور کل گام کے اضلاع شامل کیے جا رہے ہیں جبکہ انسانی حقوق کی چیمپئن عالمی تنظیمیں اور عالمی قیادتیں اس بھارتی ہٹ دھرمی پر مکمل خاموشی اختیار کیے بیٹھی ہیں۔ اس حوالے سے سب سے اہم بات یہ ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے غیور عوام نے مودی سرکار کی جانب سے 5 اگست 2019ء کو مارے جانے والے شب خون کو یکسر مسترد کیا ہے۔

گزشتہ پون صدی سے زائد عرصے سے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی غیر قانونی قبضے اور مظالم کا سلسلہ جاری ہے۔ اس دوران کشمیریوں پر ہر طرح کے مظالم ڈھائے گئے۔ 1989ء سے اب تک مقبوضہ کشمیر میں 96320 کشمیریوں کی شہادت ہو چکی ہے جس کے نتیجے میں 22974 خواتین بیوہ ہو چکی ہیں۔ اس عرصے میں 11264 خواتین کو مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوج اور پولیس کے کارندے زیادتی کا نشانہ بنا چکے ہیں۔ علاوہ ازیں، ایک لاکھ 71 ہزار سے زائد کشمیری بھارتی غیر قانونی طور پر گرفتار ہو چکے ہیں۔ مقبوضہ وادی میں اگست 2019ء سے اب تک 887 افراد شہید کیے جا چکے ہیں اور 25 ہزار کے قریب کشمیریوں کو غیر قانونی طور پر گرفتار کیا گیا ہے۔ 2019ء سے اب تک 19 ہزار کے قریب غیر قانونی چھاپے مارے جا چکے ہیں اور اس دوران 1300 حریت پسند سرکاری ملازمین کو غیر قانونی طور پر نوکری سے نکالا جا چکا ہے اور انڈین سول سروس میں کشمیر کا کوٹا 50 فیصد سے 33 فیصد پر لایا جا چکا ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوج کی جانب سے 60 ہزار کنال زمین غیر قانونی طور پر ہتھیائی جا چکی ہے۔ اس کے علاوہ مقبوضہ کشمیر کے شہریوں کو غیر قانونی طور پر دو لاکھ ایکڑ زمین سے محروم کیا جا چکا ہے جبکہ جموں میں چھے ایکڑ اراضی پر غیر قانونی مندر کی تعمیر جاری ہے۔ بھارتی قابض فورسز کی جانب سے 60 ہزار کشمیری خاندانوں کی لسٹ بنائی گئی ہے جن پر زندگی تنگ کرنے کا منصوبہ گھناؤنا ہو چکا ہے۔ چھے برس کے دوران بھارتی حکومت اپنی مکارانہ پالیسی کے تحت مقبوضہ کشمیر میں 32 لاکھ غیر مقامی ووٹرز کا غیر قانونی اندراج کیا جس سے مقامی افراد میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔

ایک طرف یہ سب کچھ ہو رہا ہے اور دوسری جانب بھارتی فوج اور پولیس مقبوضہ کشمیر میں ویلج ڈیفنس گارڈز کے نام پر شدت پسند تنظیم راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کے دہشت گردوں میں اسلحے کی بندر بانٹ کر رہی ہیں۔ مقبوضہ کشمیر میں شراب کے کاروبار کو مودی سرکار عام کرنا چاہتی ہے اور اس غرض سے منشیات کے اڈے قائم کروا رہی ہے۔ اسی طرح، 890 قوانین میں غیر قانونی ترامیم سے بھارتی فاشسٹ حکومت مقبوضہ کشمیر میں مسلمانوں کی نسل کشی کا ارادہ رکھتی ہے۔ بھارتی حکومت کی جانب سے مقبوضہ کشمیر میں معاشی ترقی کے تمام منصوبے روکے جا چکے ہیں جس کے نتیجے میں مقبوضہ کشمیر میں شہریوں کو روزگار کا ملنا ناممکن ہوتا جا رہا ہے اور شدید ترین معاشی بحران کا خدشہ ہے۔ اسی صورتحال کو سامنے رکھتے ہوئے اقوام متحدہ اپنی مختلف رپورٹس کے ذریعے بھارت کو انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی بنیاد پر کئی بار چارج شیٹ کر چکا ہے۔

مودی سرکار کی جانب سے بھارتی ناجائز زیر قبضہ کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرنے اور اسے دو حصوں میں تقسیم کر کے بھارتی سٹیٹ یونین کا حصہ بنانے کے جبری اقدام کے آج 5 اگست کو سات سال پورے ہو گئے ہیں جبکہ اس جبری اقدام کے خلاف کشمیریوں کی آواز دبانے اور ان کی ممکنہ مزاحمت روکنے کے لیے پوری مقبوضہ وادی کو فوجی محاصرے میں دینے کے بھی آج سات سال مکمل ہو گئے مگر دس لاکھ فوجیوں کی موجودگی میں بھی کشمیریوں نے بھارتی تسلط سے آزادی کی جدوجہد میں کوئی کمی آنے دی نہ بھارتی مظالم کے آگے اپنے حوصلے پست ہونے دیے۔ کشمیری عوام نے، جنھوں نے کشمیر کو خود مختاری دینے کا بھارتی چکمہ بھی کبھی قبول نہیں کیا اور بھارتی تسلط سے آزادی کی صبر آزما اور جانی و مالی قربانیوں سے لبریز بے مثال تحریک گزشتہ پون صدی سے جاری رکھی ہوئی ہے، اس بھارتی جبری اقدام کو بھی یکسر مسترد کیا اور وادیِ کشمیر کے علاوہ دنیا بھر میں احتجاجی مظاہروں کا سلسلہ شروع کر دیا تو مودی سرکار نے کشمیریوں کی مزاحمت روکنے کے لیے 5 اگست ہی کو مقبوضہ وادی میں مزید دو لاکھ بھارتی فوجی بھجوا کر اسے عملاً محصور کر لیا اور باہر کی دنیا سے ان کے رابطے منقطع کرنے کے لیے انٹرنیٹ سروس بھی ان کی دسترس سے نکال لی جبکہ کشمیریوں پر نئے مظالم کا سلسلہ شروع ہو گیا جس کے تحت کشمیر میں کرفیو نافذ کر کے عوام کا گھروں سے باہر نکلنا بھی ناممکن بنا دیا گیا چنانچہ کشمیری عوام اپنے معمولات زندگی سے محروم ہو گئے۔

اس کے برعکس پاکستان نے سفارتی ذرائع اور کوششیں بروئے کار لا کر سلامتی کونسل، یورپی اسمبلی، امریکی کانگریس اور برطانوی پارلیمان سمیت ہر نمائندہ عالمی اور علاقائی فورم تک مظلوم کشمیریوں کی آواز پہنچائی اور بھارتی چہرہ بے نقاب کیا جس سے دنیا کو کشمیر ایشو، اس کے حل کے لیے موجود سلامتی کونسل کی قراردادوں اور ہٹ دھرمی پر مبنی بھارتی اقدامات سمیت بھارتی جبر و تسلط اور مقبوضہ وادی میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں سے آگاہی ہوئی۔ چنانچہ دنیا بھر میں کشمیریوں کے ساتھ یکجہتی کے اظہار اور ان کے حق خود ارادیت کے لیے آواز اٹھانے کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ یو این سلامتی کونسل کے تین ہنگامی اجلاس ہوئے جن میں مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے اس کی قراردادیں روبہ عمل لانے کا تقاضا ہوا اور دنیا بھر میں مختلف نمائندہ فورموں کی جانب سے مقبوضہ وادی کی 5 اگست 2019ء سے پہلے کی آئینی حیثیت کی بحالی کے مطالبات بیک آواز سامنے آنے لگے۔ اسی دوران امریکا کے اس وقت کے صدر ٹرمپ نے چار مختلف مواقع پر مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے پاکستان اور بھارت کے مابین ثالثی کے کردار کی پیشکش کی مگر ہٹ دھرم مودی سرکار اقوام عالم کے کسی احتجاج اور عالمی قیادتوں و نمائندہ عالمی اداروں کے کسی دباؤ کو خاطر میں نہ لائی۔ اس کے برعکس اس نے پاکستان کے ساتھ سرحدی کشیدگی بڑھانے اور سرجیکل سٹرائیکس جیسی گیدڑ بھبکیاں لگانا شروع کر دیں مگر پاکستان نے کشمیر پر اپنے دیرینہ اصولی موقف میں سرِ مو فرق نہیں آنے دیا۔

قصّہ مارک لائل گرانٹ سے میری تلخی کا

نصرت جاوید

طویل وقفے کے بعد ان دنوں پاکستان میں ''گڈ گورننس'' یقینی بنانے کے لئے نئے انتظامی یونٹ بنانے کے علاوہ بااختیار ضلعی حکومتوں کے قیام کا بھی تواتر سے ذکر ہو رہا ہے۔ سیاسی امور پر رائے دینا صحافت میں 40 سے زیادہ برس گزارنے کے بعد اب وقت کا زیاں سمجھتا ہوں۔ دو ٹکے کے رپورٹروں کو ہماری اشرافیہ بے وقعت تصور کرتی ہے۔ ان سے چھیاں ڈال کر ملتے ہوئے اگرچہ انہیں اس گماں میں مبتلا رکھتی ہے کہ وہ ان کی رائے کو بہت اہمیت دیتی ہے۔ ہفتے میں لیکن پانچ دن مجھے یہ کالم لکھ کر پیٹ بھی تو پالنا ہے۔ روایتی اور سوشل میڈیا پر ان موضوعات کو نظرانداز کرنا شروع کر دوں گا تو یہ کالم کون پڑھے گا۔ نہایت سوچ بچار کے بعد فیصلہ لہٰذا یہ کیا ہے کہ عمر کے جس حصے میں داخل ہو چکا ہوں وہ شاید کتاب لکھنے کی مہلت فراہم نہ کرے۔ بہتر یہی ہے کہ بطور رپورٹر جن تجربات سے گزرا ان کا میڈیا میں زیر بحث موضوعات کی مناسبت سے ذکر کر دیا کروں۔

مجھے خبر نہیں کہ ہمارے ہاں گڈ گورننس یقینی بنانے کے لئے ضلعی نظام کو بااختیار بنانے کے معاملے پر جو بحث چھڑی ہے اس کا حتمی نتیجہ کیا برآمد ہوگا۔ اس حوالے سے البتہ چند ذاتی تجربات بیان کر دیتا ہوں۔

قیام پاکستان کے دس سے زیادہ سال گزر جانے کے بعد پیدا ہونے والی نسل سے تعلق رکھتا ہوں۔ قدیم لاہور کے بارہ میں سے ایک دروازے میں پیدا ہو کر بڑا ہوا۔ آٹھویں جماعت تک روزانہ اخبارات پڑھنے کی وجہ سے اپنے عمر کے حوالے سے سیاسی بلوغت کی جانب تیزی سے بڑھنا بھی شروع ہو گیا۔ بلوغت کی جانب بڑھتے ہوئے میں نے دریافت کیا کہ میرے آبائی محلے کی اکثریت قیام پاکستان کے بعد قائم ہوئی حکومتوں سے خوش نہیں۔ ''اچھے وقتوں'' کو یاد کرتے ہوئے ہمیشہ برطانیہ کے مسلط کردہ نظام کا اداسی سے ذکر کرتی ہے۔ مصر ہے کہ برطانوی دور میں قانون کی کامل حکمرانی تھی جو انگریزوں کے چلے جانے کے بعد بتدریج کمزور سے کمزور تر ہو رہی ہے۔ نصابی کتب میں پڑھائی ''آزادی'' کے ذکر کے تناظر میں محلوں کے بزرگوں کی رائے سن کر پریشان ہو جاتا۔ کالج پہنچنے تک ''انقلابی'' بھی ہو گیا اور سامراج سے نفرت جنون کی طرح ذہن میں سما گئی۔ محلے کے بزرگوں کے اس تاسف کو مگر ہمیشہ یاد رکھا جس کا اظہار برطانیہ کے مسلط کردہ بندوبستِ حکومت کے ذکر سے چھلکا کرتا تھا۔

1980ء کی دہائی کے آغاز میں مسلسل بے روزگاری سے تنگ آ کر برطانیہ چلا گیا۔ سیاسی پناہ لینا مقصد نہ تھا۔ سوچا کہ وطن عزیز میں جمہوریت بحال ہونے سے قبل مزید تعلیم حاصل کر لوں گا۔ برطانیہ میں قیام کے دوران مجھے مقامی حکومتوں کے دفاتر سے مختلف مسائل کے حل کیلئے رجوع کرنا پڑا۔ وہاں کے صحت عامہ کے نظام نے بھی شدید متاثر کیا۔ ان تجربات سمیت وطن لوٹا تو چند ہی برسوں میں 1985ء کے انتخاب کے ذریعے جمہوریت بحال ہونے کا تاثر اجاگر ہونا شروع ہو گیا۔ اخبارات کے لئے بھی میں ''تخریبی'' نہ رہا۔ اسلام آباد کے موثر انگریزی اخبار میں نوکری مل گئی تو بتدریج سیاسی امور پر رپورٹنگ کی بدولت قومی اسمبلی کی کارروائی کے بارے میں پریس گیلری والا کالم بھی لکھنا شروع کر دیا۔ محض رپورٹنگ کے علاوہ یہ کالم مجھے سیاسی معاملات پر رائے دینے کے مواقع بھی فراہم کر دیتے۔

1990ء کے برس محترمہ بے نظیر بھٹو کی پہلی حکومت کو صدر غلام اسحاق خان نے آٹھویں ترمیم کے تحت میسر اختیارات کا فائدہ اٹھاتے ہوئے برطرف کر دیا تو نئے انتخابات کے نتیجے میں نواز شریف صاحب پہلی بار وزیر اعظم کے منصب پر فائز ہوئے۔ میں انہیں ''جنرل ضیاء کی باقیات'' شمار کرتے ہوئے ہمیشہ کڑی تنقید کی زد میں رکھتا۔ اس تنقید کی پاداش میں نوکری بھی گنوانا پڑی۔ بالآخر ایک اہم اخباری ادارے کے انگریزی اخبار سے وابستہ ہو گیا۔ پریس گیلری کے علاوہ اس اخبار کے لئے RSVP کے عنوان سے ایک اور کالم بھی لکھتا جو سفارتی تقاریب پر توجہ مرکوز رکھتا۔

1983ء سے سفارتی تقاریب پر انگریزی میں کالم لکھنے کی وجہ سے میرے بے شمار سفارتکاروں سے بے تکلف تعلقات قائم ہو گئے۔ ان میں سے اہم ترین تعلق برطانیہ کے پاکستان میں ہائی کمشنر مارک لائل گرانٹ سے قائم ہوا۔ مارک لائل پور (فیصل آباد) بسانے کے عمل کے نگہبان لائل کا پوتا تھا۔ اسی سفارتکار نے محترمہ بے نظیر بھٹو کے ساتھ جنرل پرویز مشرف کے این آر او معاہدے کی راہ بھی ہموار کی تھی۔ پاکستان کے معاملات کے بارے میں وہ دیگر سفارتکاروں کے مقابلے میں سب سے زیادہ باخبر تصور ہوتا تھا۔

مارک لائل گرانٹ کے ذکر کے بعد اصل قصے کی طرف لوٹتے ہیں۔ 1992ء کے وسط میں قومی اسمبلی میں نجی قانون سازی کے لئے مختص دنوں میں ہمیشہ کئی اراکین ایسی قراردادیں یا قانون متعارف کروانے کی کوشش کرتے جو اسلام آباد میں مقامی یا ضلعی حکومت کے قیام اور اسے مضبوط تر بنانے کا تقاضہ کرتے۔ عموماً یہ قراردادیں نواز شریف کی مسلم لیگ کے متحرک اراکین کی جانب سے پیش ہوتیں۔ انہیں ''جنرل ضیاء کی باقیات'' سمجھتے ہوئے بھی میں تسلسل سے پریس گیلری میں اسلام آباد کو ''سی ڈی اے کی افسر شاہی'' سے آزاد کروانے کے لئے منتخب مقامی حکومت کے قیام پر جذباتی انداز میں مطالبہ کرنا شروع ہو گیا۔ ایسے کالم تواتر سے چھپ جانے کے تقریباً تین ماہ بعد میں ایک سفارتکار کے ہاں دعوت میں مدعو تھا۔ وہاں رقص کا اہتمام بھی تھا۔ ''آتش'' ایک خوبرو یورپی خاتون کے ساتھ ڈانس کرنے میں محو تھا تو میرے کاندھے کو تھپک کر ہال میں داخل ہوئے مارک لائل گرانٹ نے مجھے روکا۔ خاتون سے مجھے اس نے الگ کرنے کی معذرت کی اور مجھے ہال سے باہر نکال کر لان کے ایک تاریک کونے میں کھڑا ہو گیا۔

وہاں پہنچتے ہی اس نے نہایت غصے سے بے تکلفانہ زبان استعمال کرتے ہوئے حیرت کا اظہار کیا کہ میں اسلام آباد ''جیسے خوب صورت اور منظم شہر کو'' اسلام آباد کی سی ڈی اے کے افسروں سے آزاد کروانے کی ''حماقت'' میں کیوں الجھ گیا ہوں۔ نام نہاد باخبر صحافی ہوتے ہوئے کیا میں اب تک یہ جان نہیں پایا کہ اس شہر کے لینڈ مافیا کے چند بڑے نام قومی اسمبلی میں اسلام آباد کے لئے منتخب مقامی حکومت کے لئے چلائی مہم کی سرپرستی کر رہے ہیں۔ ''اسلام آباد اگر سی ڈی اے سے آزاد ہو گیا تو لینڈ مافیا کے لوگ اس کی زمینوں پر قبضہ کر کے اس شہر کی فطری خوب صورتی تباہ کر دیں گے''۔

مارک کے ساتھ معذرت خواہانہ رویہ اختیار کرنے کے بجائے میں نے بھی تلخ مگر بے تکلف الفاظ میں اسے آگاہ کیا کہ بااختیار مقامی حکومتوں سے محبت میں نے برطانیہ میں قیام کے دوران پالی ہے۔ برطانیہ پارلیمانی جمہوریت کی ماں تصور ہوتا ہے۔ لندن اور مانچسٹر جیسے شہر مگر پارلیمان نہیں مقامی حکومتیں چلاتی ہیں اور ان کے میئر بسا اوقات وزیر اعظم سے بھی زیادہ مقبول ہو جاتے ہیں۔ ''برطانیہ اور تمہارے ملک میں بہت فرق ہے'' مارک کا رعونت بھرا جواب تھا اور میں نے اسے متعصب نسل پرست پکارا جو پاکستانی عوام کو مقامی حکومتیں منتخب کرنے کے قابل نہیں سمجھتا۔ ہماری گفتگو کے دوران ہوئی تلخی کی وجہ سے میری اور مارک کی کئی مہینوں تک کامل دوری رہی۔ بالآخر ایک اور سفارتی تقریب میں اس نے ازخود مجھے ہیلو کہہ کر دوستی بحال کر لی۔ اسلام آباد کو سی ڈی اے کے افسروں کا غلام رکھنے کے لئے مارک کا اصرار لیکن آج بھی نہیں بھولا ہے۔ یہ فیصلہ اگرچہ آج تک نہیں کر پایا کہ ایسا سوچتے ہوئے وہ محض گورا نسل پرست تھا یا واقعتاً اسلام آباد میں ضلعی حکومت کا قیام اس کی دانست میں اس شہر کی تباہی اور بدصورتی کا حتمی سبب ہو سکتا تھا۔

یوم استحصال۔ کشمیر لہولہان!

حیدر علی

5 اگست 2019 تاریخ کا وہ سیاہ دن ہے جب بھارت نے اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی کرتے ہوئے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت کو منسوخ کر کے وہاں مزید فوجی محاصرہ مسلط کر دیا۔ یہ اقدام نا صرف کشمیری عوام کے بنیادی انسانی حقوق کی سنگین پامالی ہے بلکہ عالمی ضمیر کے لیے بھی ایک سوالیہ نشان ہے۔ دہائیوں سے جموں و کشمیر پر بھارت کے ناجائز قبضے کے خلاف آواز اٹھانے پر اب تک ایک لاکھ سے زائد کشمیری مرد، خواتین اور بچے شہید ہو چکے ہیں۔ ہزاروں گرفتار، ہزاروں کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا، عصمت دری کی گئی، لوگوں کو معذور اور ان کے گھر تک تباہ کر دیے گئے ہیں۔ آج بھی انسانی حقوق کی متعدد بین الاقوامی تنظیموں اور میڈیا کی وادی میں داخلے پر مکمل پابندی ہے۔ ہندوستانی سیکورٹی فورسز کی یہ بربریت اور اونچ نیچ کشمیریوں کی آواز کو دبانے اور ان کی جدوجہد آزادی کو دبانے کی کوشش ہے۔ لیکن۔ آفریں ہے مقبوضہ جموں و کشمیر کی عوام پر کہ بھارت کے تمام مظالم اور ناانصافیاں کشمیریوں کے عزم کو دبانے میں ناکام ہیں اور کشمیر کا ہر گھر شہیدوں کے خون سے روشن ہو رہا ہے۔ ان کے ارادے عظیم ہیں اور ان کے حوصلے بلند ہیں اور آزادی کشمیر کی ہر سانس سے "کشمیر بنے گا پاکستان" کی آوازیں بلند ہو رہی ہیں۔ اقوام متحدہ کے فورم پر موجود مسئلہ کشمیر تا حال حل طلب ہے، بلاشبہ یہ کرہ ارض پر ہمارے وقت کا سب سے بڑا المیہ ہے۔ 1948 کی جنگ آزادی میں جب ہندو سامراج نے کشمیر کو ہاتھ سے نکلتا دیکھا تو اس وقت کے بھارتی وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے اقوام متحدہ کا رخ کیا۔ 1948 اور پھر 1949 کی قراردادوں میں سلامتی کونسل نے واضح کیا کہ کشمیری عوام سے آزاد اور غیر جانبدارانہ رائے طلب کی جائے گی کہ وہ کس ملک میں شامل ہونا چاہتے ہیں۔ بھارت کتنا بھی تندہی سے کام کرے، وہ اس تاریخی حقیقت سے انکار نہیں کر سکتا کہ پنڈت نہرو نے خود اپنی پارلیمنٹ میں اعلان کیا کہ "اگر کشمیری آزادانہ حق رائے دہی کے معاملے میں ہمارے خلاف فیصلہ کریں گے تو ہم اسے قبول کریں گے۔" لیکن آج تک ہندوستان بے شرمی سے کشمیریوں پر مظالم جاری رکھے ہوئے ہے۔ کشمیری عوام کے لیے صدیوں سے ہر لمحہ بھاری ہے۔ 5 اگست 2019 آرٹیکل 370 اور 35 اے کے منسوخ ہونے کے بعد سے صورتحال مزید خراب ہو گئی ہے۔ آئین ہند میں کشمیر پر دو بنیادی آرٹیکل شامل تھے۔ آرٹیکل 370 جو مقبوضہ ریاست کو خصوصی حیثیت دیتا تھا، اور آرٹیکل 35 اے کے تحت یہ واضح کیا گیا تھا کہ کون مقبوضہ کشمیر کا مستقل شہری ہے اور کون زمین خرید سکتا ہے۔ کشمیریوں کے اس لاک ڈان سے دنیا اچھی طرح واقف ہے۔ پاکستان نے بھی اس کے خلاف بہت آواز بلند کی۔ عالمی برادری کو پکارا، کشمیریوں کی حالت زار کی طرف توجہ دلائی اور دلوا رہا ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے ہر عالمی پلیٹ فارم پر اپنا بھرپور کردار ادا کیا اور مظلوم کشمیریوں کے حق میں ہمیشہ بھرپور آواز بلند کی لیکن بھارت نے ہمیشہ اپنا مکروہ چہرہ دکھایا نہ صرف عالمی پلیٹ فارمز سے راہ فرار اختیار کی بلکہ پاکستان کیخلاف مزید سازشوں کے جال بنے۔ لیکن۔ الحمد اللہ پاکستان کی چٹان صفت مسلح افواج، حکومت پاکستان، پاکستانی عوام نے ہمیشہ دشمن کو دندان شکست جواب دیا اور آج بھی اپنے مظلوم کشمیری بھائیوں کی آزادی کیلئے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ پاکستان کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ نہ صرف مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے بلکہ پاکستان کا واضح موقف ہے کہ مظلوم کشمیریوں کا استحصال کسی صورت قبول نہیں۔ کشمیر کی متنازعہ حیثیت ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے، جسے کوئی طاقت مٹا نہیں سکتی۔ یوم استحصال کشمیر کے موقع پر نہ صرف کشمیر، پاکستان بلکہ دنیا بھر میں مقیم پاکستانی اور کشمیری یک زبان ہو کر کشمیریوں کے اس استحصال کے خلاف آواز اٹھا رہے ہیں۔ یہ دن اقوام عالم کے لیے یاددہانی ہے کہ آج بھی کشمیر کو آزادی میسر نہیں۔ کشمیر کے لالہ زار اپنی قدرتی سرخیاں کھو رہے اور شہدا کے خون سے لال ہو رہے ہیں۔ آج وقت کا اہم ترین تقاضا ہے کہ اقوام عالم کو بھارت کے حوالے سے اپنا رویہ مزید سخت کرنا ہوگا اور کشمیریوں کو ان کا بنیادی حق حق خود ارادیت کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ یوم استحصال کشمیر کے موقع پر پوری پاکستانی قوم اپنے کشمیری بہن بھائیوں کو یقین دلاتے ہیں کہ جب تک کشمیریوں کو ان کا بنیادی حق حق خود ارادیت نہیں مل جاتا تب تک پاکستانی قوم اِن کی آزادی کی تحریک میں شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔ انشاءاللہ

یہاں معاشی اور سماجی ہی نہیں، مذہبی استحصال بھی ہوتا ہے

سعد اختر

استحصال کی کئی شکلیں ہیں- جہاں معاشی اور سماجی استحصال ہوتا ہے- وہاں اب مذہبی استحصال کی بھی نئی شکل سامنے آ رہی ہے- اسلامی ثقافتی مراکز کا جائزہ لیں تو اس کی تاریخ کا آغاز اسلام کے ابتدائی دور میں ہوا جب مساجد اور دارالارقم عبادت اور دینی تربیت کے مراکز ہوا کرتے تھے- نبی کریمؐ کے دور میں بھی مسجد نبوی محض عبادت گاہ نہیں، بلکہ ایک بڑا ثقافتی مرکز بھی تھی، جہاں مہمانوں کی تواضع اور عملی تربیت کا اہتمام ہوتا-

قرآن مجید میں مسجد ضرار کا ایک واقعہ بیان کیا گیا ہے- جب منافقین نے مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے اور اپنے سیاسی مقاصد کی تکمیل اور تخریب کے لیے مسجد کو استعمال کیا- (سورۃ التوبہ 107-9-110) – قرآن پاک میں ہے اللہ تعالیٰ نے رسول پاک کو حکم دیا کہ کبھی اُس مسجد میں کھڑے نہ ہوں جہاں مذہبی مقامات کو جماعتی اور سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہو- دین میں اس کی بھرپور ممانعت ہے- ایسے قاری اور عالم حضرات کے متعلق بھی رسول اللہؐ نے خبردار کیا کہ اللہ کی رضا کے بجائے جس نے دنیاوی شہرت اور مقام کے لیے دینی علم حاصل کیا وہ قیامت کے دن سب سے پہلے جہنم میں ڈالے جانے والوں میں شامل ہوں گے (مسلم، حدیث 1905) مذہبی علم اور دینی حیثیت کو سیاسی مفادات کے لیے استعمال کرنا عین گناہ کبیرہ ہے- اسلام اس کی سخت ممانعت کرتا ہے- اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ دین اور تمام دینی عبادات صرف اُسی کے لیے ہوں- (سورۃ البینہ 5:98) رسول کریمؐ کا ارشاد ہے ''علماء، انبیاء کے وارث ہیں''- یہ فرمان اس بات کا متقاضی ہے کہ علما جماعتی مفادات سے بالاتر رہیں- جو علما مدارس کو سیاسی جماعتوں یا عسکریت پسند گروہوں کا آلہ کار بننے دیتے ہیں وہ درحقیقت نبیؐ کے فرمان سے روگردانی کرتے ہیں-

پاکستان کا قومی لائحہ عمل (National Plan Action) مدارس کی رجسٹریشن اور انہیں قومی دھارے میں شامل کرنے پر زور دیتا ہے تاکہ مدارس میں شفافیت قائم ہو اور اسے یقینی بنایا جائے تاکہ مدارس میں عسکریت پسند عناصر کی دراندازی کو روکا جا سکے- قرآن مجید حکم دیتا ہے ''نیکی اور تقویٰ کے کاموں میں ایک دوسرے سے تعاون کرو، جبکہ کسی گناہ یا برائی کے کاموں میں ہرگز تعاون نہ کیا جائے-'' (سورۃ المائدہ 2:5) مدارس کو جماعتی قبضے سے محفوظ رکھنے کے لیے ریاستی نگرانی اس قرآنی اصول کے مطابق ہے-

رسول پاک نے مسجد قبا کی بنیاد تقویٰ پر رکھی، جو ہر قسم کے سیاسی مفاد سے پاک تھی- (سورۃ التوبہ 9:108) پاکستان کی مساجد اور مدارس کو بھی مخلصانہ عبادت اور صرف دینی تعلیم کے مراکز رہنا چاہیے، نہ کہ انتخابی مہمات یا فرقہ وارانہ سیاسی بھرتی کے پلیٹ فارم بنیں- اللہ تعالیٰ اُن لوگوں کی مذمت کرتا ہے جو زمین میں اس کی اصلاح کے بعد فساد پھیلاتے ہیں (سورۃ الاعراف 56:7) مذہبی اداروں کو جماعتی یا عسکریت پسندانہ مقاصد کے لیے استعمال کر کے پاکستان کے سماجی استحکام کو نقصان پہنچانا وہ فساد ہے جس سے قرآن مجید نے صریحاً منع فرمایا ہے- رسول اللہؐ کا ارشاد ہے ''جس شخص نے ایسا علم چھپایا جسے بیان کرنا ضروری تھا، قیامت کے دن اُسے آگ کی لگام پہنائی جائے گی'' (حدیث 3658) وہ مذہبی رہنما جو سیاسی جماعتوں یا عسکریت پسند سرپرستوں کی خاطر دینی تعلیمات کو توڑ مروڑ کر پیش کرتے ہیں وہ درحقیقت اپنے لیے دوزخ کو دعوت دیتے ہیں اور دین کا استحصال کر رہے ہوتے ہیں- پاکستان کا استحکام اس میں ہے کہ مدارس وہ کردار ادا کریں جو رسول اللہ ؟ نے مسجد قبا کے ذریعے پیش کیا- یعنی اخلاص پر مبنی عبادت اور علم کے مراکز- قرآن مجید میں ہے ''بے شک اللہ اُن لوگوں کے ساتھ ہے، جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں اور نیکی کرنے والے ہیں- (سورۃ النحل 128:16) یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ مدارس کا تقدس اور اس کا تحفظ ہماری دینی، مذہبی، قانونی اور سماجی ذمہ داری ہے جسے پورا کرنے کے لیے ہمیں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرنا چاہیے-

مذہب کے لغوی معنی راستہ، گزرگاہ یا طریقہ کے ہیں- جبکہ اصطلاحی مفہوم میں یہ انسان اور خدا کے درمیان تعلق، عبادات اور زندگی گزارنے کے اصولوں کا خوبصورت مجموعہ ہے- کسی شخص کے یا گروہ کے فکری راستے اور نظریے کو بھی مذہب کہا جاتا ہے- اصطلاحی مفہوم میں کسی برتر اور مخفی ہستی (خالق یا خدا) کو ماننا اور اس کی اطاعت کرنا ہے- مساجد یا مدارس صرف عبادات اور دینی تعلیم کے لیے ہونے چاہئیں لیکن ہم کچھ عرصہ سے دیکھ رہے ہیں، محسوس بھی کر رہے ہیں کہ ہماری بعض مساجد اور مدارس کو غیر دینی سرگرمیوں کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے جو دین اسلام کا بہت ہی ناپسندیدہ عمل ہے-

جیسا کہ ہم نے بتایا، قرآن اور بعض احادیث کی روشنی میں یہ ثابت کرنیکی کوشش کی ہے کہ مساجد اور مدارس کا ہماری سماجی زندگی میں کیا رول ہونا چاہیے- آپ اس پر عمل نہیں کرتے، اسلامی اور قانونی تقاضوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے کچھ غیر اسلامی اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہوتے ہیں تو یہ انتہائی ناروا اقدام ہیں- ہم اپنے مدارس اور مساجد کو اگر ایسی سرگرمیوں کے لیے استعمال کریں گے جس سے انارکی پیدا ہوتی ہو اور صریحاً قانون کی خلاف ورزی ہو رہی ہو، تو ریاست کو بالآخر نوٹس لینا پڑتا ہے- ''نوٹس'' لینا بھی چاہیے کہ اس طرح کے عناصر، جو مسجد اور مدرسے کی آڑ میں غیر قانونی سرگرمیوں کے مرتکب ٹھہرتے ہیں اُن کی سرکوبی ضروری بن جاتی ہے- حکومت جب کوئی راست اقدام کرتی ہے تو بہت سے حلقوں سے شور کی آوازیں آتی ہیں، جائز حکومتی اقدامات کو غلط ثابت کرنے کے لیے تاویلیں پیش کی جاتی ہیں جو یقیناً ''برائی'' کو دعوت دینے اور اُس کی حوصلہ افزائی کے مترادف ہے-

گزارش ہو گی، مدارس اور مساجد کو صرف انہی کاموں کے لیے وقف رہنا چاہیے، جن کے لیے ان کے وجود کو عمل میں لایا گیا- ملک کی سلامتی، خیر، امن اور خیر سگالی سے جڑی ہے- دین سے جڑے جو لوگ، مسجدوں اور مدرسوں کو اپنے مذموم عزائم کے لیے استعمال کرتے ہیں، وہ ریاست سے بھی ''خیر'' کی کوئی توقع نہ ر

(1)

بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری، وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ خواجہ، وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی اور متعلقہ سرکاری اداروں کے عہدے داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں نجکاری کمیشن کی جانب سے ترسیلی کمپنیز کے پہلے مرحلے کی تکمیل کے لیے اب تک کہ کیے گئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ مزید براں، نجکاری کمیشن کی ادارہ جاتی تنظیم نو کے تناظر میں بہترین افرادی قوت کی شمولیت پر پیش رفت پر بھی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے خصوصی ہدایت کی کہ بجلی کی ترسیلی کمپنیز کی نجکاری میں عالمی معیار کے سرمایہ کاروں کی شمولیت یقینی بنانے کے لیے موثر اور جامع حکمت عملی اختیار کی جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نجکاری کمیشن میں جاری ادارا جاتی اصلاحات اور تنظیم نو کا کام ایک ماہ میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نجکاری کے عمل میں سرمایہ کاروں کی شمولیت کے لیے اندرون و بیرون ملک کیے جانے والے کامیاب روڈ شوز باعث اطمینان ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ڈسکوز کی نجکاری کے تمام مراحل مقررہ مدت میں طے شدہ قواعد اور بہترین حکمت عملی کے مطابق منافع بخش انداز میں مکمل کیے جائیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ نجکاری کمیشن کی افرادی قوت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ماہرین شامل کیے جائیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی معیار کی افرادی قوت اور ماہرین نجکاری کمیشن کی استعداد کار اور اداروں میں سرمایہ کاری بڑھانے کے لیے موثر اقدامات کو یقینی بنائے گی۔ شہباز شریف نے کہا کہ نجکاری کے مراحل میں بہترین پیشہ ورانہ استعداد کے حامل کنسلٹنٹ کی تجاویز کو یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نجکاری کے مراحل کی سہولت کے لیے درکار تمام قانونی انتظامات اور مالیاتی ریگولیشن فریم ورک کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نجکاری کے عمل میں صارفین کے مفاد کو ترجیح دی جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نجکاری میں مستقبل میں صارفین کی شکایت کے ازالے کا جامع اور موثر انتظامی ڈھانچہ یقینی بنایا جائے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ نجکاری کے پہلے مرحلے میں شامل ترسیلی کمپنیز آئیسکو، گیپکو، فیسکو میں سرمایہ کاروں کی دلچسپی کے لیے اندرون و بیرون ملک روڈ شوز مکمل کر لیے گئے ہیں۔ بتایا گیا کہ ترکیہ، سعودی عرب اور چائنہ میں روڈ شوز اور سرمایہ کاروں سے نجکاری کے تناظر میں روابط کے حوصلہ افزا نتائج سامنے آ رہے ہیں۔

(2)

مطابق بھارت کے اشتعال انگیز بیانات اور جارحانہ طرزِ عمل خطے میں عدم استحکام کو مزید بڑھانے کی وجہ بن رہے ہیں، جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اور استحکام کا انحصار مسئلہ جموں و کشمیر کے منصفانہ اور پُرامن حل پر ہے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ یہ حل کشمیری عوام کی امنگوں اور اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق ہونا چاہیے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق پاکستانی عوام، مسلح افواج بھارتی غیر قانونی زیرِ قبضہ جموں و کشمیر کے شہداء کو بھرپور خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کشمیریوں کی آزادی کی جائز اور برحق جدوجہد میں شانہ بشانہ کھڑے رہنے کے غیر متزلزل عزم کو دہراتے ہیں۔

(3)

سیکرٹری فنانس حافظ قاسم سے ملاقات کے دوران مؤقف اختیار کیا کہ فنڈز کی بندش کے باعث ترقیاتی منصوبے، صفائی و ستھرائی، عوامی خدمات، روزمرہ انتظامی امور، ڈیلی ویجز ملازمین کی تنخواہوں، فیول اور دیگر ضروری اخراجات کی ادائیگی شدید متاثر ہو رہی ہے۔ وفد نے مطالبہ کیا کہ عوامی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی اور نان سیلری فنڈز فوری طور پر جاری کیے جائیں تاکہ بلدیاتی ادارے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں انجام دے سکیں ملاقات کے دوران سیکرٹری لوکل گورنمنٹ عبدالروف بلوچ نے بلدیاتی نمائندوں کے مطالبات کو مدنظر رکھتے ہوئے سیکرٹری فنانس بلوچستان کو فنڈز کی فوری ریلیز کے لیے باضابطہ مراسلہ ارسال کیا ہے دوسری جانب میئرز اور چیئرمینوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کی کوشش کی بلدیاتی نمائندوں کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ نے 6 اگست کو ملاقات کا وقت مقرر کیا ہے، جس میں ترقیاتی و نان سیلری فنڈز، ڈیلی ویجز ملازمین کی تنخواہوں، فیول اور بلدیاتی اداروں کو درپیش دیگر مالی و انتظامی مسائل پر تفصیلی غور کیا جائے گا بلدیاتی نمائندوں نے امید ظاہر کی کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان مالی مشکلات کے مستقل اور مؤثر حل کے لیے عملی اقدامات کریں گے تاکہ بلدیاتی ادارے فعال انداز میں عوام کو بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی یقینی بنا سکیں۔

(4)

سے آل پارٹیز موسیٰ خیل کے ایک اعلیٰ سطحی نمائندہ وفد نے چیف آف غرغشتی سردار سید اسد زمان غرغشتی کی قیادت میں ملاقات کی۔ وفد میں سابق ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل، سابق صوبائی وزیر مولانا غلام سرور، یونین کونسل اندرپڑ اور یونین کونسل راڑاشم کے نمائندوں سمیت مختلف قبائلی عمائدین اور سیاسی رہنماؤں نے شرکت کی۔ ملاقات کے دوران وفد نے ضلع موسیٰ خیل کو درپیش عوامی، انتظامی اور ترقیاتی مسائل سے وزیراعلیٰ بلوچستان کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا اور ضلع کی ترقی، بنیادی سہولیات کی فراہمی، مواصلاتی ڈھانچے کی بہتری اور دیگر عوامی فلاحی منصوبوں سے متعلق اپنی تجاویز پیش کیں اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وفد کی تجاویز اور سفارشات کو بغور سنا اور یقین دہانی کرائی کہ حکومت بلوچستان صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں اور متوازن ترقی کے وژن پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندوں، قبائلی عمائدین اور مقامی قیادت سے مسلسل مشاورت کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کو زیادہ مؤثر اور عوامی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جا رہا ہے تاکہ دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام بھی ترقی کے ثمرات سے بھرپور استفادہ کر سکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح بلوچستان کے پسماندہ اضلاع کو قومی ترقی کے دھارے میں شامل کرنا ہے۔ دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے مرحلہ وار تمام پسماندہ علاقوں کی ترقی کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ مالی سال ضلع واشک کے لیے خصوصی ترقیاتی پیکج دیا گیا تھا، جبکہ رواں سال حکومت کی خصوصی توجہ صوبے کے دیگر پسماندہ اضلاع کے ساتھ ساتھ موسیٰ خیل کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود پر مرکوز ہوگی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے تمام قبائل اور عوام ہمارے اپنے ہیں، اور حکومت بلا امتیاز ہر علاقے کی ترقی، خوشحالی اور عوام کے معیارِ زندگی میں بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے کے کسی بھی ضلع یا علاقے کو ترقی کے سفر میں پیچھے نہیں چھوڑا جائے گا ملاقات کے موقع پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، پرنسپل سیکرٹری وزیراعلیٰ عمران زرکون اور اسٹاف آفیسر سید احمد شاہ غرغشتین بھی موجود تھے۔

(5)

یاد رکھا جائے گا جب بھارت نے سلامتی کونسل کی قراردادوں کو پس پشت ڈال کر بین الاقوامی قوانین کی صریح خلاف ورزی کی اور وادی کشمیر کو دنیا کی سب سے بڑی جیل میں تبدیل کر دیا آج مقبوضہ جموں و کشمیر کے مسلمان بنیادی انسانی حقوق سے محروم ہیں مگر بھارت کو یاد رکھنا چاہیے کہ ظلم و ستم کا کوئی بھی حربہ کشمیریوں کو ان کے منصفانہ قانونی اور

سلامتی کونسل کی قراردادوں کے تحت دیے گئے خودارادیت کے جمہوری حق سے محروم نہیں کر سکتا۔ مسلم لیگ (ن) کوئٹہ کے رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ پانچ اگست کشمیری عوام کے لیے یوم سیاہ کا دن کے طور پر منایا جاتا ہے کیونکہ پانچ اگست 2019 کو انڈیا میں برسر اقتدار بھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت نے انڈین آئین کی شق 370 کے خاتمے کا اعلان کیا، جس کے تحت ریاست جموں و کشمیر کو نیم خودمختار حیثیت اور خصوصی اختیارات حاصل تھے کشمیر کی سیاسی جماعتوں اور عوام نے اس فیصلے کی شدید مذمت کی ہے ان کے مطابق یہ قدم کشمیری عوام کی آواز کو دبانے اور ان کے حقوق کو سلب کرنے کی کوشش ہے شق 370 کا خاتمہ انڈیا کی وفاقی حکومت کی طرف سے ایک یکطرفہ اور غیر جمہوری اقدام ہے جس نے کشمیریوں کی امنگوں اور حقوق کو پامال کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شق 370 کی منسوخی غیر آئینی اور غیر قانونی ہے کیونکہ یہ شق ریاست جموں و کشمیر کے انڈیا کے ساتھ الحاق کی بنیاد تھی۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام نے ریاست کی خصوصی حیثیت اور خودمختاری کو ختم کر کے یہاں کے عوام کو غلامی کی زنجیروں میں جکڑ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کی جماعتوں نے مودی حکومت کے اس اقدام کو انڈیا کی جمہوری اصولوں کی خلاف ورزی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس فیصلے کے بعد کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں میں اضافہ ہوا ہے اور انڈیا کی حکومت کی جانب سے یہاں کی عوام پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑے جا رہے ہیں۔ ا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پاکستان کے عوام کشمیری عوام کی حمایت میں ہر محاذ پر آواز اٹھائے گی اور ان کے حقوق کی بحالی کے لیے ہر ممکن اقدام کرے گی۔ انہوں نے عالمی برادری سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ کشمیری عوام کی جدوجہد میں ان کا ساتھ دیں اور ہندوستان کے اس غیر آئینی اقدام کے خلاف اقدامات اٹھائیں۔

(6)

ایکسپریس روانہ ہوئی ہے۔ حکام کے مطابق پشاور سے جعفر ایکسپریس کا شیڈول کے مطابق کوئٹہ پہنچنے کا بتایا گیا۔ ریلوے حکام نے کہا کہ گزشتہ روز ٹرین سروس ٹریک کی مرمت کے باعث معطل کی گئی تھی۔

(7)

نے سرحدی سیکیورٹی مضبوط بنانے اور دہشت گرد سہولت کار نیٹ ورکس کے خاتمے پر تبادلہ خیال کیا۔ پاکستان اور امریکا نے خطے میں امن، خوش حالی کے لیے انسدادِ دہشت گردی تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

(8)

مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ 5 اگست کو ہمیشہ یوم سیاہ کے طور پر یاد رکھا جائے گا، یوم استحصال کشمیر پر بھارت کا مکروہ چہرہ بے نقاب ہوا، 75 سال سے کشمیریوں پر ہونیوالے مظالم اقوام عالم کی خاموشی معنی خیز ہے۔ اپنے بیان میں مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ بھارتی مظالم کیخلاف کشمیری بھائیوں کے شانہ بشانہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کے حق خودارادیت اور جدوجہد آزادی کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔

(9)

پر اجاگر کرنے کے حوالے سے حکومت بلوچستان اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے مؤقف اور اقدامات کو سراہا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل طلب ایک بین الاقوامی تنازع ہے، جس کا منصفانہ اور پائیدار حل کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق، یعنی حقِ خودارادیت فراہم کیے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہمیشہ کھڑے رہے ہیں اور مستقبل میں بھی ان کی ہر ممکن سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھیں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کشمیری عوام نے بے مثال قربانیاں دے کر آزادی کی جدوجہد کو زندہ رکھا ہے اور ان کی یہ قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے اور کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دلانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔

(10)

شناخت اور حقِ خودارادیت کو ختم نہیں کر سکتی۔ اپنے پیغام میں مشعال ملک نے کہا کہ کشمیر کی تحریک آزادی اپنی منزل کے حصول تک جاری رہے گا، بھارتی جیلوں میں حریت قیادت کے ساتھ ہونے والے مظالم تاریخ کا سیاہ باب ہیں اور عالمی برادری کو مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی مبینہ سنگین خلاف ورزیوں کا فوری نوٹس لینا چاہیے۔ مشعال ملک نے اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا کہ کشمیری عوام کو سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حقِ خودارادیت فراہم کرنے کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں، انہوں نے کہا کہ کشمیر صرف کشمیریوں کا ہے اور دنیا کو کشمیری عوام کی آواز سننی چاہیے۔ مشعال ملک نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان، آزاد جموں و کشمیر اور دنیا بھر میں مقیم کشمیری تارکین وطن ہمیشہ مقبوضہ کشمیر کے عوام کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کی منصفانہ جدوجہد کی ہر سطح پر حمایت جاری رکھیں گے۔

(11)

ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ گورنر جعفر خان مندوخیل نے پروفیسر ڈاکٹر بلال سرور کو اپنی ادارہ جاتی عمدہ کارکردگی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہیوبرٹ ایچ ہمفری فیلوشپ پروگرام 2026-2027 کیلئے ان کا انتخاب خوش آئند ہے۔ خوشی کا لمحہ ہے کہ آپ بلوچستان سے منتخب ہونے والے واحد فیلو ہیں جو 70 سے زائد ممالک کے قابل پیشہ ور افراد کے ایک ممتاز گروپ میں شامل ہیں۔ گورنر مندوخیل نے اس یقین کا اظہار کیا کہ پروفیسر ڈاکٹر بلال سرور امریکہ میں اپنی دس ماہ کی ہمفری فیلوشپ کے دوران پاکستان اور بلوچستان کا امیج بہتر بنانے کردار ادا کریں گے اور اپنے ساتھ پاکستان میں ہائیر ایجوکیشن، لیڈرشپ، مینجمنٹ اور کوالٹی ایشورنس کے طریقوں کو مزید مستحکم کرنے کیلئے جدید علم و تجربہ لائیں گے۔

(12)

نے بڑی تعداد میں شرکت کی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر رفیع اللہ اور ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی اور دیگر نے کہا کہ 5 اگست 2019 کا دن تاریخ کا سیاہ باب ہے جب بھارت نے غیر قانونی طور پر مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر کے کشمیری عوام کے بنیادی حقوق پامال کیے، پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں کی جدوجہد آزادی میں ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ہر سطح پر ان کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گی، کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور کشمیری عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی بھارتی افواج کی جانب سے مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں عالمی ضمیر کے لیے ایک سوالیہ نشان ہیں۔

(13)

مشترکہ مذمتی قرارداد پیش کی، جسے ایوان نے متفقہ طور پر منظور کر لیا قرارداد وزیراعلیٰ میر سرفراز احمد بگٹی، صوبائی وزراء میر محمد صادق عمرانی، میر ظہور احمد بلیدی، میر شعیب نوشیروانی، فیصل خان جمالی اور پارلیمانی سیکرٹری برکت علی رند کی جانب سے مشترکہ طور پر پیش کی گئی قرارداد میں 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے بھارتی آئین کے آرٹیکل 370 اور 35(A) کو یکطرفہ طور پر منسوخ کرنے کے اقدام کو غیر آئینی، غیر قانونی اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی صریح خلاف ورزی

قرار دیتے ہوئے اس کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی قرارداد میں کہا گیا کہ آرٹیکل 370 مقبوضہ جموں و کشمیر کو خصوصی آئینی حیثیت، اپنا آئین، اپنا پرچم اور داخلی خودمختاری فراہم کرتا تھا جبکہ آرٹیکل 35(A) ریاست کے مستقل باشندوں کو سرکاری ملازمت، جائیداد اور سکونت کے خصوصی حقوق دیتا تھا۔ ان دفعات کے خاتمے کے ذریعے بھارت نے کشمیری عوام کی شناخت، آئینی حیثیت اور بنیادی حقوق سلب کرنے کی کوشش کی ہے ایوان نے اس امر پر شدید تشویش کا اظہار کیا کہ ان اقدامات کے ذریعے مقبوضہ جموں و کشمیر کی متنازعہ حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرتے ہوئے آبادی کا تناسب بدلنے کی کوشش کی جا رہی ہے، جبکہ غیر کشمیری افراد کو زمینوں کی خریداری اور سرکاری ملازمتوں تک رسائی دے کر بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے قرارداد میں مقبوضہ جموں و کشمیر میں ریاستی دہشت گردی، محاصروں، ماورائے عدالت گرفتاریوں، انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں اور میڈیا پر عائد پابندیوں کی بھی شدید مذمت کی گئی اور کہا گیا کہ یہ اقدامات کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت اور ان کی جائز امنگوں کو دبانے کی ناکام کوشش ہیں بلوچستان اسمبلی نے مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی، اخلاقی اور قانونی حمایت جاری رکھے گا اور انہیں بھی تنہا نہیں چھوڑے گا قرارداد میں 5 اگست کو ہر سال "یوم استحصالِ کشمیر" کے طور پر منانے کی توثیق کرتے ہوئے اس عزم کا بھی اظہار کیا گیا کہ ملک بھر میں اس دن مختلف تقریبات کے ذریعے عالمی برادری کو بھارتی مظالم سے آگاہ کیا جائے گا اور کشمیری عوام کی جدوجہد کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا جائے گا ایوان نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے تاکہ مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ، اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) اور دیگر بین الاقوامی فورمز پر مؤثر اور فعال سفارتکاری کے ذریعے مزید بھرپور انداز میں اٹھایا جائے، جبکہ مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی قانونی اور سفارتی معاونت کے لیے ایک جامع قومی حکمتِ عملی بھی تشکیل دی جائے قرارداد کے اختتام پر مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی عظیم قربانیوں، ثابت قدمی اور جدوجہد آزادی کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا گیا اور بارگاہِ الٰہی میں دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ کشمیری عوام کو ظلم و جبر سے جلد نجات عطا فرمائے اور انہیں آزادی، امن اور انصاف کی نعمت سے سرفراز کرے۔

(14)

کی، تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ سیوی کی جانب سے ضلع سیوی میں یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ڈی سی آفس سے ایک ریلی نکالی گئی ریلی کی قیادت ڈپٹی کمشنر سیوی میجر ریٹائرڈ الیاس کبزئی نے کی شرکاء نے ہاتھوں میں بینرز، جھنڈے اٹھا رکھے تھے جن پر بھارت کے خلاف مختلف نعرے درج تھے۔ ریلی میں اسسٹنٹ کمشنر سیوی سید منصور شاہ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیوی عبدالستار لانگو، ایجوکیشن آفیسر لہڑی لیاقت علی لغاری، ڈی ایچ او ہمایتہ سیوی ڈاکٹر عبدالقادر ہارون سمیت ضلعی افسران، قبائلی عمائدین، اساتذہ، طلباء اقلیتی برادری کے نمائندوں سمیت مختلف طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے ڈپٹی کمشنر آفس سے سرکٹ ہاؤس تک پیدل مارچ کر کے کشمیری بھائیوں سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا اس موقع پر شرکاء نے کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کرتے ہوئے بھارت کے مظالم کے خلاف شدید نعرے لگائے اور اقوام متحدہ سے مسئلہ کشمیر حل کرانے کا مطالبہ کیا تاکہ خطے کا امن بحال ہو۔ ریلی کے شرکاء سے ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سبی عبدالستار لانگو اور اقلیتی برادری کے نمائندہ سنتوش کمار نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرنا اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا اور کشمیریوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت سے بھی دستبردار نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر منانے کا مقصد دنیا کو یہ باور کرانا ہے کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی حقوق اور آزادی کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے اور کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حقِ خودارادیت دلانے میں اپنا کردار ادا کرے ریلی کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی، استحکام اور مقبوضہ کشمیر کے عوام کی آزادی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی، جبکہ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستانی قوم ہر مشکل گھڑی میں اپنے کشمیری بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑی رہے گی۔ اس موقع پر سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے تھے۔

(15)

دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور اردن کے درمیان دوطرفہ تعلقات میں بڑھتی ہوئی پیش رفت کا خیر مقدم کرتے ہوئے سیاسی، دفاعی، اقتصادی، تعلیمی، ثقافتی اور عوامی روابط سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے خطے کی تازہ صورتحال، بالخصوص مقبوضہ مغربی کنارے میں بگڑتی ہوئی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیراعظم سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے مقبوضہ بیت المقدس میں اسلامی اور مسیحی مقدس مقامات کے تحفظ کے لیے اردن کے ثابت قدم کردار اور فلسطینی عوام کی مسلسل حمایت کو سراہا۔ ملاقات میں ایران اور امریکا سے متعلق حالیہ صورتحال سمیت خطے کے مجموعی حالات پر بھی گفتگو ہوئی۔ دونوں رہنماں نے کشیدگی میں کمی کے لیے بات چیت اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے اقوام متحدہ اور اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) سمیت دوطرفہ اور کثیرالجہتی فورمز پر قریبی رابطے برقرار رکھتے ہوئے خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

(16)

ٹھیٹرز، آئی سی یوز، ایمرجنسی وارڈز، آکسیجن یونٹس اور دیگر حساس طبی شعبوں میں بغیر اجازت داخل ہو کر ویڈیوز بنانے، تصاویر لینے اور مریضوں طبی عملے کے انٹرویوز کر رہے ہیں جو مریضوں کی رازداری، وقار اور علاج کے عمل پر منفی اثرات مرتب کرتا ہے بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کے فوکل پرسن ڈاکٹر بسم اللہ خان کاکڑ نے نیوز کو بتاتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی طبی ادارے میں مریض، ڈاکٹر، طبی عملے، علاج یا طبی طریقہ کار کی تصاویر، ویڈیوز یا انٹرویوز متعلقہ مجاز اتھارٹی کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر نہیں کیے جا سکیں گے بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر ڈاکٹر نور محمد قاضی کی طرف سے جاری کردہ اعلامیہ میں مزید کہا گیا ہے کہ مریضوں، تیمارداروں، طبی عملے یا طبی خدمات کی فوٹوگرافی، ویڈیوگرافی، ریکارڈنگ یا انٹرویوز صرف قانونی اجازت اور مریضوں کی رازداری کو یقینی بناتے ہوئے ہی ممکن ہوں گے بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن نے تمام طبی اداروں کو ہدایات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ خلاف ورزی کی صورت میں بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن ایکٹ 2019 اور دیگر متعلقہ قوانین کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے گی اعلامیہ کے مطابق

بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن نے صوبے بھر کے سرکاری و نجی اسپتالوں اور دیگر طبی مراکز میں میڈیا نمائندوں کے غیر مجاز داخلے پر پابندی عائد کرتے ہوئے سرکلر جاری کر دیا ہے کمیشن کے مطابق بعض میڈیا نمائندے آپریشن تھیٹرز، آئی سی یوز، ایمرجنسی وارڈز، آکسیلیشن یونٹس اور دیگر حساس طبی شعبوں میں بغیر اجازت داخل ہو کر ویڈیوز، تصاویر اور انٹرویوز کر رہے ہیں جس سے مریضوں کی رازداری، وقار، علاج کے عمل اور انفیکشن کنٹرول کے اصول متاثر ہوتے ہیں بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن نے پابندی عائد کرتے ہوئے اعلامیہ میں مریضوں، تیمارداروں اور طبی عملے کی رازداری اور وقار کا ہر صورت تحفظ یقینی بنانے پر زور دیا ہے اور خلاف ورزی کی صورت میں بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن ایکٹ 2019 اور دیگر متعلقہ قوانین کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(17)

کہا ہے کہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں بنیادی انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیاں انتہائی تشویشناک ہیں اور کشمیری عوام کئی دہائیوں سے ظلم و جبر کا سامنا کر رہے ہیں، کشمیر کا ہر دکھ پاکستان کا دکھ ہے اور پوری قوم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت نے یکطرفہ اقدامات کے ذریعے اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی کی جس کے باعث مقبوضہ کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت کو ختم کیا گیا۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ 5 اگست کشمیری عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم اور ان کی جدوجہد آزادی کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور ان کے حقِ خودارادیت کی جدوجہد کو دبایا نہیں جا سکتا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ کشمیر کا ہر دکھ پاکستان کا دکھ ہے اور پوری قوم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ مقبوضہ کشمیر کی صورتحال کا سنجیدگی سے نوٹس لے اور بھارت کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں پر عملدرآمد کا پابند بنانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔ وفاقی وزیر صحت نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا اور مسئلہ کشمیر کے اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق منصفانہ حل تک اپنی جدوجہد اور حمایت برقرار رکھے گا۔

(18)

ورزی تھا، پاکستان ہر سفارتی، سیاسی اور بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کی آواز بلند کرتا رہے گا۔ بدھ کو یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر جاری بیان میں وزیر مملکت نے کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت کا خاتمہ، آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی کوششیں اور بنیادی انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیاں نہ صرف بین الاقوامی قوانین کی نفی ہے بلکہ خطے کے امن و استحکام کے لیے بھی سنگین خطرہ ہے۔

(19)

میونسپل لمیٹڈ اوتھل سید سومار شاہ کالمی و دیگر مقررین نے کہا کہ 5 اگست جنوبی ایشیا کی تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے، جب بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر کے اقوام متحدہ کی قراردادوں، بین الاقوامی قوانین اور کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی کی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ برسوں سے مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی، سیاسی کارکنوں کی گرفتاریاں، اظہار رائے پر پابندیاں اور آبادی کے تناسب کو تبدیل کرنے کی کوششیں جاری ہیں، تاہم کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو طاقت کے ذریعے دبایا نہیں جا سکتا۔ مقررین نے کہا کہ مسئلہ کشمیر ایک بین الاقوامی تنازع ہے، جس کا منصفانہ حل اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہی ممکن ہے۔ انہوں نے عالمی برادری، اقوام متحدہ، اسلامی تعاون تنظیم (OIC) اور انسانی حقوق کے عالمی اداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی مبینہ خلاف ورزیوں کا نوٹس لیں اور مسئلے کے پرامن حل کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھیں گے۔ ریلی میں پرپل گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل محمد سلیم، چیئرمین میونسپل لمیٹڈ اوتھل سید سومار شاہ کالمی، چیف آفیسر میونسپل لمیٹڈ اوتھل حاجی محمد خان دودا، وائس چیئرمین محمد وسیم خاخیلی، سردارزادہ غلام مصطفیٰ شیخ، شہزاد حیدر، حبیب اللہ شیخ، عبدالحکیم دودا، امام بخش سیما

اسحاق ڈار کی ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان سے ملاقات

باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے عمان میں یروشلم سے متعلق وزارتی اجلاس کے موقع پر ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان سے ملاقات کی۔ بدھ کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا۔

بلوچستان اسمبلی نے یوم استحصال کشمیر کی مناسبت سے مذمتی قرارداد منظور کرلی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی نے یوم استحصال کشمیر کی مناسبت سے مذمتی قرارداد منظور کرلی۔ بدھ کو بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت شروع ہوا۔

ایشیائی ترقیاتی بینک اور دیگر ترقیاتی شراکت دار اس اہم منصوبے کی حمایت کر رہے ہیں، وفاقی وزیر

احد چیمہ کی جائیکا کو مین لائن ون (ML-1) ریلوے منصوبے میں شریک مالی معاونت پر غور کرنے کی دعوت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد چیمہ نے جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کو مین لائن ون (ML-1) ریلوے منصوبے میں شریک مالی معاونت پر غور کرنے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ ایشیائی ترقیاتی بینک اور دیگر ترقیاتی شراکت دار اس اہم منصوبے کی حمایت کر رہے ہیں۔ انہوں نے یہ بات انہوں نے جائیکا کے صدر ڈاکٹر تاناکا آکی ہیکو کی قیادت میں ملاقات کرنے والے اعلیٰ سطحی وفد سے گفتگو کی کی۔ ملاقات میں پاکستان اور جاپان کے درمیان ترقیاتی تعاون کو مزید فروغ دینے اور پاکستان کے ترجیحی شعبوں میں جائیکا کے تعاون کو وسعت دینے کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے جائیکا کے صدر اور وفد کا خیرمقدم (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

بلوچستان اسمبلی نے بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی کا مسودہ قانون مصدرہ 2026 منظور کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی نے بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی کا مسودہ قانون مصدرہ 2026 منظور کرلیا۔ بدھ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی آرڈیننس 2026 کو آئین کے (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

مقبوضہ کشمیر میں دہائیوں سے انسانی وقار کو پامال کیا جارہا ہے، کشمیری بھارتی فوجی قبضے میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، شیری رحمان

بھارت آبی دہشت گردی کر رہا ہے، سندھ طاس معاہدہ معطل کرکے دریاؤں کو ڈل کی طرح بند نہیں کیا جاسکتا، نائب صدر پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں دہائیوں سے انسانی وقار کو پامال کیا جا رہا ہے، کشمیری بھارتی فوجی قبضے میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ مقبوضہ کشمیر میں کشمیریوں کی حقِ خودارادیت کے لیے جاری جدوجہد سے متعلق سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے شیری رحمٰن نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں دہائیوں سے انسانی وقار کو پامال کیا جا رہا ہے، کشمیری بھارتی فوجی قبضے میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سردار حق نواز خان بزادار کی قیادت میں موسیٰ خیل کے بزدار عمائدین کا وفد ملاقات کر رہے ہیں

یوم استحصال کشمیر کی مناسبت سے آئی ایس پی آر کا خصوصی نغمہ جاری

نغمے کے بول ''تمہارے ساتھ تھے اور ساتھ ہم رہینگے'' کشمیری عوام کے جذبات اور امنگوں کی ترجمانی کرتا ہے

مظفر آباد (این این آئی) 5 اگست یوم استحصال کشمیر کے موقع پر آئی ایس پی آر نے نیا نغمہ ''آزادی'' جاری کر دیا۔ واجد سعید کی سحر انگیز آواز میں یہ نغمہ کشمیری عوام کے جذبات اور امنگوں کی ترجمانی کرتا ہے، نغمے کے بول ''تمہارے ساتھ تھے اور ساتھ ہم رہینگے'' کشمیریوں کی پاکستان کے ساتھ مکمل وابستگی اور یکجہتی کی عکاسی کرتے ہیں۔ دل کو چھو لینے والے بول اور ولولہ انگیز دھن کیساتھ یہ نغمہ امید، استقامت اور عزم کے احساس کو نمایاں کرتا ہے۔

پاچ اگست 2019 کو بھارت نے جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرکے کشمیریوں سے ان کی شناخت چھیننے کی کوشش کی

کشمیریوں نے بھارتی اقدام کو مسترد کردیا، اقوام متحدہ کشمیر پر اپنی قراردادوں پر عمل درآمد کروائے، امیر مقام ودیگر کا واک کے شرکاء سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزرا اور حریت رہنماؤں نے کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کو بھارت نے یکطرفہ طور پر جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرکے کشمیریوں سے ان کی شناخت چھیننے کی کوشش کی، یہ یکطرفہ اقدام ناقابل قبول ہے جسے واپس لینا ہوگا، کشمیریوں نے اس بھارتی اقدام کو مسترد کردیا، اقوام متحدہ کشمیر پر اپنی قراردادوں پر عمل درآمد کروائے۔ بدھ کو 5 اگست 2019 کے سات سال مکمل ہونے پر یوم استحصال کشمیر (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

سعودی ولی عہد محمد بن سلمان سے ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، خطے کی مجموعی صورتحال پر غور کیا جائیگا

جس میں دوطرفہ تعلقات اور خطے کی مجموعی صورتحال پر غور کیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ سعودی عرب کا شیڈول طے پا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم (آج) شام اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ 2 روزہ دورے (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

ایران غزہ مذاکرات میں حماس کے ساتھ کھڑا رہے گا، مسعود پزشکیان

تہران (این این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

ریاض القرآن کا افتتاح، تعمیر نو گرلز ہائی اسکول اقبال کمپلیکس کوئٹہ میں تقریب کا انعقاد

کوئٹہ (این این آئی) رحمۃ للعالمین وخاتم النبیین ﷺ کلب تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان کے زیر انتظام تعمیر نو گرلز ہائی اسکول، کوئٹہ میں ریاض القرآن کا افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب کے مہمانِ خصوصی سیکرٹری تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان جناب محمد نسیم لہڑی تھے، جنہوں نے ربن کاٹ کر ریاض القرآن کا باقاعدہ افتتاح کیا۔

پاکستان جاپان اور جائیکا کے ساتھ 7 دہائیوں پر محیط دیرینہ شراکت داری کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، وزیراعظم

مشکل معاشی چیلنجز پر قابو پالیا، اب پائیدار معاشی ترقی کے لیے اصلاحات کا عمل تیزی سے جاری ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان جاپان اور جائیکا کے ساتھ 7 دہائیوں پر محیط دیرینہ شراکت داری کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، مشکل معاشی چیلنجز پر قابو پالیا، اب پائیدار معاشی ترقی کے لیے اصلاحات کا عمل تیزی سے جاری ہے، صرف تین برس میں سرکاری محصولات دوگنا ہوگئے۔ وہ جاپان سے گفتگو کر رہے تھے جس نے بدھ کو یہاں ان سے ملاقات کی۔

کمشنر سیوی ڈویژن اسداللہ فیض یوم آزادی پاکستان کی تقریبات اور مون سون شجرکاری مہم کے انتظامات کا جائزہ لینے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں ''یومِ استحصالِ کشمیر'' منایا گیا

پانچ اگست 2019ء بھارتی حکومت نے کشمیریوں کے حقوق پر ایک اور شب خون مارا

اسلام آباد (این این آئی) مودی کے کشمیریوں کے حقوق پر شب خون مارنے کے 7 سال مکمل ہونے پر پاکستان سمیت دنیا بھر میں بدھ کو ''یوم استحصالِ کشمیر'' منایا گیا۔ پانچ اگست پاکستان اور دنیا بھر میں کشمیریوں کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کے طور پر ''یوم استحصال کشمیر'' منایا جاتا ہے، یہ دن 2019ء میں بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرنے کے فیصلے کی یاد دلاتا ہے۔

مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی انتظامیہ نے احتجاجی مظاہرے روکنے کیلئے پابندیاں مزید سخت کر دیں

پرامن سیاسی سرگرمیوں پر پابندی مقبوضہ علاقے میں اختلاف رائے کو دبانے کی بھارتی پالیسی کا حصہ ہے، تجزیہ کار

سری نگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی انتظامیہ نے ''یوم استحصال کشمیر'' کے موقع پر احتجاجی مظاہروں کو روکنے کیلئے سخت پابندیاں عائد کر دیں۔ بھارتی حکومت نے 5 اگست 2019 کو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی کرتے ہوئے بھارتی آئین کی 370 اور 35 اے ختم (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور ایران کے درمیان تجارت کو مزید فروغ دینے کیلئے ہر ممکن کوششوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، محمد اتابک

دونوں برادر اسلامی ممالک کے درمیان تجارت کو مزید فروغ دینے کے لئے ہر ممکن کوششوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

اسلام آباد/کوئٹہ (این این آئی) پاکستان اور ایران نے دوطرفہ تجارت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کے خاتمہ کے لئے دوطرفہ اقدامات کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ دونوں برادر اسلامی ممالک کے درمیان تجارت کو مزید فروغ دینے کے لئے ہر ممکن کوششوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، گزشتہ روز وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز (ایف پی سی سی آئی) کے ہیڈ آفس میں ایران کے وزیر صنعت وتجارت محمد اتابک، ایران چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، مائنز اینڈ ایگریکلچر، زاہدان چیمبر آف کامرس کے اعلیٰ حکام اور ایرانی تجارتی وفد کے ساتھ صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ ودیگر عہدیداران اور چیمبر آف کامرس (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

امریکی ناظم الامور کی وزیر دفاع سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں تعینات امریکی ناظم الامور نغالی بیکر نے اسلام آباد میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ علاقائی اور بین الاقوامی سیکیورٹی کی صورتحال کے ساتھ ساتھ دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے امکانات پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی۔

ایف آئی اے اسلام آباد ایئرپورٹ کی کارروائی، جعلی فرانسیسی شینگن ویزے پر اسپین جانے کی کوشش ناکام، مسافر آف لوڈ

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن اسلام آباد ائرپورٹ نے سیکنڈری پروفائلنگ کے دوران فلائٹ نمبر QR-615 کے ذریعے اسپین جانے والے ایک مسافر کو آف لوڈ کر دیا۔ سفری دستاویزات کی تفصیلی جانچ کے دوران مسافر کے پاسپورٹ کے صفحہ نمبر 15 پر لگا فرانسیسی شینگن ویزا اسٹیکر مشکوک پایا گیا۔



جعفر آباد، ڈپٹی کمشنر خالد خان کے احکامات پر یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ریلی نکالی جارہی ہے

ڈیرہ اللہ یار پولیس نے پی ٹی آئی جعفر آباد کے ضلعی صدر کو ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار پولیس نے پی ٹی آئی جعفر آباد کے ضلعی صدر کو ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار پولیس نے ضلعی صدر (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

پاکستان کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے 5 اگست 2019 کو بھارت کی طرف سے اپنے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کے اقدام کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن تاریخ (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

صدر نے سمری پر دستخط نہ کئے، پشاور ہائیکورٹ کے 4 جج مزید کام نہیں کرسکیں گے

صدر پہلے ججز کو چھ ماہ کی توسیع دینے کی سمری پر دستخط کر چکے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت کی جانب سے سمری پر دستخط نہ ہونے کے باعث پشاور ہائیکورٹ کے چار ججز مزید جوڈیشل کام نہیں کرسکیں گے، جوڈیشل کمیشن نے 20 جولائی کو ہونے والے اجلاس میں پشاور ہائیکورٹ کے چار ججز کو مستقل کرنے کی منظوری دی تھی تاہم صدر آصف علی زرداری نے تاحال نوٹیفکیشن پر دستخط نہیں کیے، مستقل کیے جانے والے ججز میں جسٹس فرح جمشید، جسٹس انعام اللہ خان، جسٹس ثابت اللہ خان اور جسٹس اورنگزیب شامل ہیں۔

صحبت پور، ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین یوم استحصال کشمیر کے سلسلے میں نکالی گئی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

اسحاق ڈار کی مصری وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے ملاقات

علاقائی و عالمی پیشرفت، باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے عمان میں یروشلم سے متعلق وزارتی اجلاس کے موقع پر مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے خوشگوار ملاقات اور تبادلہ خیال کیا۔ بدھ کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور مصر سے متعلق علاقائی و بین الاقوامی پیش رفت پر گفتگو کی اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔

وفاقی حکومت کا حج 2027ء کے اخراجات جمع کرانے کے طریقہ کار میں تبدیلی کا فیصلہ

حج سکیم کے تحت اب 14 بینکوں کی بجائے صرف ایک بینک کے ذریعے ادائیگیاں وصول کی جائیں گی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے حج 2027ء کے اخراجات جمع کرانے کے طریقہ کار میں بڑی تبدیلی کا فیصلہ کرلیا، حج سکیم کے تحت اب 14 بینکوں کی بجائے صرف ایک بینک کے ذریعے ادائیگیاں وصول کی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق حج 2027ء کے سرکاری اور نجی حج اخراجات کی ادائیگی کیلئے حبیب بینک کا انتخاب کیا گیا ہے

جائیکا کے صدر ڈاکٹر تاناکا آکی ہیکو کی وفاقی وزیر احسن اقبال سے ملاقات

اڑان پاکستان کے فائیو ایز فریم ورک کے تحت پاکستان اور جاپان کے ترقیاتی تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے صدر ڈاکٹر تاناکا آکی ہیکو نے وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال سے وزارت منصوبہ بندی میں ملاقات کی جس میں پاکستان اور جاپان کے درمیان ترقیاتی تعاون کو مزید (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ ن کوئٹہ کے صدر سحر گل خان خلجی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

احسن اقبال کی زیر صدارت گلگت بلتستان سے متعلق وزیراعظم کی جائزہ کمیٹی کا اجلاس، پائیدار ترقی اور مالیاتی استحکام کیلئے فیصلے کئے گئے

وفاقی وزیر احسن اقبال نے گلگت بلتستان اور آزاد جموں وکشمیر کے لیے این ایف سی طرز کے مالیاتی فریم ورک کی تیاری کی حمایت کردی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال کی زیر صدارت وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر قائم گلگت بلتستان جائزہ کمیٹی کا اعلیٰ سطحی اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں گلگت بلتستان کے مالیاتی، انتظامی اور ترقیاتی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مختلف شعبوں میں اصلاحات سے متعلق اہم فیصلے کیے گئے۔

نائب وزیرِ اعظم اسحاق ڈار کا اردن پہنچنے پر پرتپاک استقبال

اسحاق ڈار مقبوضہ بیت المقدس سے متعلق وزارتی اجلاس میں شرکت کریں گے

عمان (این این آئی) نائب وزیرِ اعظم و وزیرِ خارجہ اسحاق ڈار اکاردن کے دارالحکومت عمان پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا گیا۔ دفترِ خارجہ کے مطابق اردن کی وزارتِ خارجہ کی ڈائریکٹر سجا المجالی اور پاکستانی سفیر خرم سرفراز نے اسحاق ڈار کا استقبال کیا۔ اسحاق ڈار مقبوضہ بیت المقدس سے متعلق وزارتی اجلاس میں شرکت کریں گے، وہ اردن کے شاہ عبداللہ دوم سے ملاقات بھی کریں گے۔ دفترِ خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار فلسطین کی صورتِ حال اور باہمی تعلقات پر مختلف وزرائے خارجہ سے ملاقاتیں کریں گے۔

بلوچستان کے ضلع خضدار میں اسماء جتک نامی خاتون کے والد کے قتل پر اراکین اسمبلی کا شدید احتجاج

اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک سمیت دیگر کا واک آؤٹ، اسپیکر نے قاتلوں کی گرفتاری کے لیے دو دن کی مہلت دے دی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع خضدار میں اسماء جتک نامی خاتون کے والد کے قتل پر اراکین اسمبلی کا شدید احتجاج، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک سمیت دیگر کا واک آؤٹ، اسپیکر نے قاتلوں کی گرفتاری کے لیے دو دن کی مہلت دے دی۔ بدھ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد علی ریکی نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ خضدار میں اسماجتک (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر ریلوے کا دو بند ٹرینیں بحال کرنے کا اعلان

پاکستان ریلوے رواں سال مزید ٹرینیں بحال کرے گا، وزیراعظم کے وژن کے مطابق مسافروں کی سہولیات میں بھی اضافہ کیا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے دو بند ٹرینیں بحال کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان ریلوے رواں سال مزید ٹرینیں بحال کرے گا اور وزیراعظم کے وژن کے مطابق مسافروں کی سہولیات میں بھی اضافہ کیا جائے گا۔ بدھ کو وزارت ریلوے سے جاری بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ لاہور سے لالہ موسیٰ جانے والی بابو مسافر ٹرین 20 اگست سے بحال کر دی جائے گی جبکہ ملتان سے براستہ جھنگ، سرگودھا (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا، اعظم نذیر تارڑ

پاکستان کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر مناسب بین الاقوامی فورم پر اپنا کردار ادا کرتا رہے گا، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون، انصاف وانسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کے یکطرفہ اقدامات نے نہ صرف خطے کی صورتحال کو ایک نئے مرحلے میں داخل کیا بلکہ جموں وکشمیر کے عوام کے بنیادی حقوق، شناخت اور مستقبل سے متعلق اہم قانونی اور انسانی پہلوؤں کو بھی مزید نمایاں کر دیا، میں حکومتِ پاکستان اور پوری پاکستانی قوم کی جانب سے جموں وکشمیر کے عوام کے ساتھ اپنی مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہوں۔ اگست یوم استحصال کشمیر کے موقع جاری پیغام میں وفاقی وزیر سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آج کا دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ جموں وکشمیر کے عوام کئی دہائیوں سے مشکلات، غیر یقینی صورتحال اور اپنے بنیادی حقوق سے متعلق سنگین چیلنجز کا (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

پاکستان جاپان اور جائیکا کے ساتھ 7 دہائیوں پر محیط دیرینہ شراکت داری کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، وزیراعظم

مشکل معاشی چیلنجز پر قابو پالیا، اب پائیدار معاشی ترقی کے لیے اصلاحات کا عمل تیزی سے جاری ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان جاپان اور جائیکا کے ساتھ 7 دہائیوں پر محیط دیرینہ شراکت داری کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، مشکل معاشی چیلنجز پر قابو پالیا، اب پائیدار معاشی ترقی کے لیے اصلاحات کا عمل تیزی سے جاری ہے، صرف تین برس میں سرکاری محصولات دوگنا ہوگئے۔ وہ جاپان سے گفتگو کر رہے تھے جس نے بدھ کو یہاں ان سے ملاقات کی۔

کچھی میں مون سون بارشوں کے بعد سیلابی پانی بھاگ ٹو بختیار آباد روڈ کوشگاف پڑنے سے ٹریفک کی روانگی متاثر

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی میں مون سون بارشوں کے بعد سیلابی پانی بھاگ ٹو بختیار آباد روڈ کوشگاف پڑنے سے ٹریفک کی روانگی متاثر تاحال مرمت اور بحالی کا کام شروع نہیں کیا جاسکا تفصیلات کے مطابق حالیہ مون سون بارشوں اور حاجی شہر ڈیم سے آنے والے سیلابی پانی نے بھاگ ٹو بختیار آباد (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

محسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس، اسلام آباد میں ایمرجنسی 1122 کا باقاعدہ سیٹ اپ نہ ہونے پر برہمی کا اظہار

وزیر داخلہ کی کیپٹل ایمرجنسی سروسز کو فوری طور پر فعال ادارہ بنانے، کشمیر چوک اور فیصل مسجد انڈر پاسز پر کام آئندہ ماہ شروع کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد میں ایمرجنسی 1122 کا باقاعدہ سیٹ اپ نہ ہونے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ کیپٹل ایمرجنسی سروسز کو فوری طور پر فعال ادارہ بنانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کام کیا جائے، قانونی تقاضے مکمل کرکے کیپٹل ایمرجنسی سروسز کے چار نئے سنٹرز پر جلد از جلد کام کا آغاز کیا جائے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کی کی زیر صدارت سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں اجلاس منعقد ہوا۔

طاقت کے ذریعے کسی قوم کی شناخت، تاریخ اور حقِ آزادی کو دبایا نہیں جا سکتا، حنیف عباسی

پاکستان ہر بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کی جائز آواز بن کر ان کے حقِ خودارادیت کی حمایت جاری رکھے گا، وفاقی وزیر کا پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ طاقت کے ذریعے کسی قوم کی شناخت، تاریخ اور حقِ آزادی کو دبایا نہیں جاسکتا، جنوبی ایشیا میں دیرپا امن اور ترقی کا راستہ مسئلہ جموں وکشمیر کے منصفانہ اور پائیدار حل سے ہوکر گزرتا ہے، پاکستان ہر بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کی جائز آواز بن کر ان کے حقِ خودارادیت کی حمایت جاری رکھے گا۔ یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کے یکطرفہ اقدامات نے خطے میں اعتماد، امن اور استحکام کو شدید نقصان پہنچایا، جموں و کشمیر کی متنازعہ حیثیت اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں سے طے شدہ ہیچیے یکطرفہ اقدامات کے ذریعے تبدیل نہیں کیا جاسکتا۔

مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت کا خاتمہ کشمیری عوام کی تحریک آزادی کو دبانے کی ناکام کوشش ہے، پیپلز پارٹی

حقِ خودارادیت کے لیے ہزاروں جانوں کی قربانیاں دینے والے کشمیری صرف آزادی کو ہی قبول کریں گے، نیئر بخاری

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری جنرل پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز سید نیر حسین بخاری نے یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت کا خاتمہ کشمیری عوام کی تحریکِ آزادی کو دبانے کی ناکام کوشش ہے۔ انہوں نے کہا کہ حقِ خودارادیت کے لیے ہزاروں جانوں کی قربانیاں دینے والے کشمیری صرف آزادی کو ہی قبول کریں گے۔ سید نیر حسین بخاری نے کہا کہ کشمیری عوام کا یہ خدشہ درست ثابت ہو (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

کنٹرول لائن کے دونوں طرف، پاکستان اور دنیا بھر میں ''یوم استحصال کشمیر'' منایا گیا

مودی سرکار نے 5 اگست 2019 کو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی کرتے ہوئے بھارتی آئین کی دفعات 370 اور 35 اے ختم کردی تھیں

سرینگر (این این آئی) کنٹرول لائن کے دونوں طرف، پاکستان اور دنیا بھر میں ''یوم استحصال کشمیر'' منایا گیا جسکا مقصد م نریندر مودی کی زیر قیادت بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی ہندوتوا بھارتی حکومت کی طرف سے 2019 میں اس روز کئے گئے غیر قانونی اقدامات کے خلاف احتجاج درج کرانا تھا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی حکومت نے 5 اگست 2019 کو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی کرتے ہوئے بھارتی آئین کی 370 اور 35 اے ختم کردی تھیں

5 اگست 2019 جنوبی ایشیا کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، روبینہ خالد

بھارت کی جانب سے آرٹیکل 370 اور آرٹیکل-35 اے کی منسوخی اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور بین الاقوامی قانون کی کھلی خلاف ورزی ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے کہا ہے کہ 5 اگست 2019 جنوبی ایشیا کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، بھارت کی جانب سے آرٹیکل 370 اور آرٹیکل-35 اے کی منسوخی اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور بین الاقوامی قانون کی کھلی خلاف ورزی ہے، شہدائے کشمیر کی عظیم قربانیاں آزادی کی تحریک کا سرمایہ ہیں، ان کی جدوجہد ضرور کامیاب ہوگی۔

دفعہ 370 کی منسوخی کشمیریوں کے لیے ناقابل قبول ہے، محبوبہ مفتی

پانچ اگست جموں وکشمیر کے لیے ایک سیاہ ترین دن ہے، بھارت نے سازش کے تحت جموں وکشمیر کا خصوصی درجہ ختم کیا

سری نگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (پی ڈی پی) نے بھارت کی طرف سے 370 اور 35-اے دفعات کی منسوخی اور علاقے کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کے سات برس مکمل ہونے پر سرینگر میں پارٹی ہیڈکوارٹر کے باہر احتجاج کیا اور دھرنا دیا۔ پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں نے تنظیم کی سربراہ محبوبہ مفتی کی قیادت میں مشعل بردار جلوس نکالنے کی کوشش کی تاہم بھارتی فورسز نے انہیں آگے بڑھنے سے روک دیا۔

پاکستان کشمیریوں کی شناخت پر حملہ کبھی تسلیم نہیں کرے گا، مریم نواز

مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی مبینہ سنگین خلاف ورزیوں کا فوری نوٹس لیا جائے، یوم استحصال پر پیغام

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کا دن کشمیریوں کی شناخت، حقوق اور مستقبل پر حملہ تھا، جسے پاکستان کبھی تسلیم نہیں کرے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے اپنے پیغام میں آزادی کی جدوجہد میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو خراجِ عقیدت اور ان کے اہلِ خانہ کے صبر واستقامت کو سلام کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی قوم حقِ خودارادیت کی طویل جدوجہد میں اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ہمیشہ ان کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گی۔ مریم نواز شریف نے اقوام متحدہ، انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں اور بین الاقوامی برادری سے مطالبہ کیا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی مبینہ سنگین خلاف ورزیوں کا فوری نوٹس لیا جائے اور کشمیری عوام کو ان کے بنیادی حقوق (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کا کشمیری عوام کی حقِ خودارادیت کی جدوجہد کو خراج تحسین

بھارت کے غیر قانونی اقدامات عالمی قوانین کی کھلی خلاف ورزی، عالمی برادری جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین پامالیوں کا نوٹس لے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کشمیری عوام کی حقِ خودارادیت کی جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کے غیر قانونی اقدامات عالمی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہیں۔ یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019ء ت